بسم اللہ الرحمن الرحیم

الحق و الیقین فی عداوۃ الطغاۃ و المرتدین

من کلام ائمۃ الدعوۃ النجدیۃ

اللہ کے باغیوں

سے دشمنی کیوں اور کیسے؟

ائمہ نجد اور آل الشیخ رحمہم اللہ کے فتاوی کی روشنی میں

مؤلف

فضیلۃ الشیخ ابو عبد الرحمن الاثری

سلطان بن بجاد العتیبی حفظہ اللہ

مترجم

فضیلۃ الشیخ ابو جنید حفظہ اللہ

مکتبہ : عبد اللہ ابن المبارک رحمہ اللہ

سلسلہ مطبوعات منہج فہم سلف

نام کتاب	:	اللہ کے باغیوں سے دشمنی کیوں اور کیسے؟
مؤلف	:	فضیلۃ الشیخ ابو عبد الرحمن الاثری سلطان بن بجاد العتیبی حفظہ اللہ
مترجم	:	فضیلۃ الشیخ ابو جنید حفظہ اللہ
تاریخ اشاعت اول	:	رجب ۱۴۲۶ھ بمطابق اگست 2005ء
صفحات	:	152
تعداد	:	1100
ناشر	:	مکتبہ عبد اللہ ابن المبارک رحمہ اللہ

بسم

اللہ الرحمن

الرحیم

بسم اللہ الرحمن الرحیم

نمبر	عنوان	صفحہ
1-	مقدمہ	7
2-	کتاب وسنت کی اتباع واجب ہے	11
3-	سلف نے منکرین حدیث کی مذمت کی ہے	15
4-	تقلید کی مذمت	19
5-	نبوت کی گواہی کے تقاضے؟	21
6-	شرک فی الطاعۃ سے اجتناب کرو	23
7-	اسلام کی حقیقت (توحید کی حقیقت)	24
8-	کلمۂ توحید کا معنی سمجھے بغیر اقرار بے فائدہ ہے	25
9-	معبود کس کو کہتے ہیں؟	32
10-	شرک کا ارادہ نہ بھی ہو پھر بھی شرک شرک ہی ہے	33
11-	توحید اور شرک سے واقفیت ضروری ہے لاعلمی کوئی عذر نہیں	34
12-	کفر بالطاغوت (کفر بالطاغوت کی اہمیت؟)	35
13-	طاغوت کا معنی	37
14-	طاغوت کے انکار سے کیا مراد ہے؟	40
15-	منکرات پر خاموشی اس پر رضامندی کی دلیل ہے	41
16-	مشرکین سے برأت اور ان کی تکفیر	43
17-	کافر سے دشمنی؟	47

18- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا موقف 48

19- اسلام میں داخل ہونے کے لئے مشرکین سے نفرت ودشمنی ضروری ہے 49

20- تکفیر اور اس کے احکام (کلمہ شہادت کا اقرار کب کسی کو تکفیر سے بچاتا ہے) 57

21- ظاہر پر حکم لگانا 57

22- موحدین پر تکفیر کی تہمت 58

23- ارتداد (مرتد ہوجانا) ارتداد کی تعریف اور اس کی چند صورتیں؟ 58

24- اگر مرتد اسی حالت میں مر گیا تو بالاجماع اس کے اعمال برباد ہیں 61

25- شریعت الٰہی کے بغیر فیصلے کرنا 61

26- اگر اللہ کے دین وشریعت کے مطابق فیصلے نہ کرے تو وہ کافر ہوجاتا ہے 63

27- غیر اللہ کے فیصلے کی طرف دعوت طاغوت کی دعوت ہے 68

28- انسانوں کے قوانین سے فیصلے کرانا طاغوت سے فیصلہ کروانا ہے 70

29- طاغوت کے ماننے والے اسے مجبوری ظاہر کرتے ہیں 71

30- وضعی قوانین کا نفاذ کفر ہے ملت سے خارج کردینے والا ہے 73

31- جہاد فی سبیل اللہ سے روکنا صریح کفر ہے 74

32- کافر بنادینے والے طاغوت کی اطاعت 75

33- کافر کے کفر میں شک کرنا 75

34- جو شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو گالی دے یا مذاق اڑائے یا آپ کے کسی حکم کو رد کرے 78

35- لاعلمی کا عذر 81

36- ہر مشرک کو ایسے شبہات لاحق ہوتے ہیں جو اس کے کفر کا تقاضا کرتے ہیں 95

37- شرک اکبر میں خطاء کا حکم؟ 96

38- کفر عمداً بھی ہوتا ہے اور لاعلمی میں بھی 96

39- دین کے اصولی باتوں میں جہالت عذر نہیں بن سکتی 98

40- ایک غلط فہمی جس سے ہمیشہ مخالفین استدلال کرتے ہیں 103

41- حجت قائم کرنا 105

42- مشرکین کے درمیان رہنا جائز ہے یا نہیں؟ 116

43- بعض ہم عصروں کی غلط فہمیاں اور ان کا ازالہ 121

44- فصل في الغربة (اجنبی) 138

45- غربت کی قسمیں 141

46- شیخ الاسلام رحمہ اللہ کا لفظ ''الغربة'' (اجنبی) پر کلام 146

47- غربت کے بارے میں سلف رحمہم اللہ کے اقوال 149

مقدمہ

الحمد لله الذی انزل علی عبده الکتاب وجعله هادیًا ونصیرًا و مرشدًا لمن تمسک به واعتمد علیه فی موالاته ومعاداته فهو سراجًا منیرًا واوجب فیه مقاطعة اهل الشرک ومن کان لهم مویدًا ونصیرًا والصلاة والسلام علی اشرف خلقه وخیرة رسله محمد صلی الله علیه وسلم الذی مزق الله بمبعثه ظلام الکفر وعلی آله واصحابه الذین تحابوا فی الله وجاهدوا به الکفار والمنافقین. امابعد،

بے شک اللہ کے دین کی بنیاد توحید ہے۔

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ (النحل:٣٦)

''ہم نے ہر امت میں رسول بھیجا (وہ ان سے کہتا تھا) کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے اجتناب کرو''۔

اُس وقت کے سرکش ونافرمان کافر انبیاء کرام کی دعوت کی حقیقت کو آج کے نام نہاد مسلمانوں کی بنسبت زیادہ سمجھتے تھے جبھی تو مشرکین قریش نے تعجب سے کہا تھا کہ۔

اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ هٰذَا لَشَيْءٌ عُجَابٌ (ص:٥)

''کیا اس نے تمام معبودوں کو ایک معبود بنالیا؟ یہ تو عجیب بات ہے؟''۔

کفار سمجھ گئے تھے کہ رسولوں کی عظیم الشان دعوت اللہ کی عبادت کے لئے نہیں بلکہ صرف ایک اللہ اکیلے کی عبادت کی طرف ہے اور اس کا تقاضا یہ بھی ہے کہ تمام دیگر معبودوں کا انکار کیا جائے اس

لیے کہ صرف ایک اللہ کی عبادت اسی وقت ہوسکتی ہے جب ان مزعومہ معبودوں سے اجتناب کیا جائے جنہیں ربوبیت یا الوہیت کے مقام پر فائز کردیا گیا ہے۔

انسان اللہ پر ایمان لانے والا تب شمار ہوگا جب وہ طاغوتوں کا انکار کرے گا اور ان سے دشمنی کرے گا۔مزید یہ کہ ہر قسم کی طاغوتی صفات اور ان صفات کے حاملین سے نفرت کرے گا اور ان مرتد ومنافق لوگوں سے بھی، جو کسی میں طاغوتی صفات تسلیم کرتے ہیں ہمارے سامنے نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی تاریخ موجود ہے جب آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے مشرکین کو شرک سے ڈرایا اور انہیں اس کی ضد یعنی توحید کی دعوت دی تو انہیں یہ دعوت بری نہ لگی بلکہ بہت اچھی لگی اور وہ اس میں داخل ہونا چاہتے تھے مگر جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کھل کر ان کے دین کی مذمت کی ان کے علماء کو جاہل قرار دیا تو تب وہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم اور آپ کے صحابہ رضی اللہ عنہم کی دشمنی پر کمر بستہ ہوگئے کہنے لگے کہ اس نے ہماری عقلوں کو بیوقوفی قرار دیا ہے، ہمارے دین میں عیب نکالے ہیں اور ہمارے معبودوں کی مذمت کی ہے۔

صحابہ رضی اللہ عنہم، تابعین وتبع تابعین رحمہم اللہ اور تمام سلف وخلف مسلمانوں کا اس بات پر اجماع ہے کہ انسان اس وقت تک مسلمان نہیں ہوسکتا جب تک شرک اکبر سے پاک نہ ہوجائے، نیز شرک اور مشرک دونوں سے برأت کا اعلان کردے اور ان سے حسب طاقت نفرت ودشمنی کا اظہار کرے۔

موجودہ دور میں ارجائی کفر امت میں بہت پھیل گیا ہے۔(یعنی کچھ نہ کرنے کے باوجود اللہ سے مغفرت وکامیابی کی امید) اب ایمان صرف قول کا نام رہ گیا ہے توحید ایک نشانی بن گئی ہے اسلام موروثی وخاندانی ہے۔دوستی ودشمنی کے آثار مٹ گئے ہیں۔ یہ کفر ویران دلوں میں بسیرا کرچکا ہے انسانوں کی عقول میں دلوں میں اور زندگی میں اس نے استحکام وقرار حاصل کرلیا ہے۔لوگوں نے فرائض واجبات اور سنتوں کو چھوڑ دیا ہے صرف لا الہ الا اللہ پر اکتفا کر بیٹھے ہیں وہ سمجھتے ہیں کہ ان کا دین محفوظ ہے۔ اسلام پر کوئی آنچ نہیں آنے والی، ان کا ایمان بے غبار ہے۔وہ کائنات کے ایک رب

پر ایمان رکھنے والے ہیں ۔(عیسائیوں کی طرح) تثلیث کا عقیدہ نہیں رکھتے یہ جانتے ہیں کہ ان کا رب ،خالق، رازق ایک اللہ ہے اپنے خیال میں وہ آخرت پر بھی یقین رکھتے ہیں حساب، جنت جہنم کو بھی حق سمجھتے ہیں ۔بعض لوگ جمعہ وعیدین کی نماز بھی ادا کرتے ہیں کچھ لوگ ماہ رمضان کے روزے بھی رکھتے ہیں بعض لوگ پورے نہیں تو رمضان کے چندون کے روزے تو رکھ ہی لیتے ہیں کچھ لوگ عمرہ اور حج بھی کرتے ہیں سمجھتے ہیں کہ وہ صحیح اور بھلائی کے راستے پر گامزن ہیں ۔اس دین سے نسبت رکھنے والے اکثر ایسے بھی ہیں جو نفع ونقصان کا مالک اولیاء اور صالحین کو سمجھتے ہیں ۔ان کا وسیلہ پکڑتے ہیں ۔ان سے فریاد کرتے ہیں ۔ان کی نذر ونیاز کرتے ہیں ۔ان کے ناموں کی قسم کھاتے ہیں پھر بھی سمجھتے ہیں ۔کہ چونکہ ہم لا الہ الا اللہ کا اقرار کرتے ہیں اس لیے ہم حق اور بھلائی پر ہیں ۔ان میں یہ احادیث کافی مقبولیت اختیار کر چکی ہیں:

((من قال لاالٰہ الااللّٰہ دخل الجنة))(صحیح مسلم)

''جس نے لا الہ الا اللہ کہہ دیا وہ جنت میں داخل ہوگیا''

اور((اخرجوا من النار من قال لاالٰہ الااللّٰہ))

''جس نے لا الہ الا اللہ کہا ہوا سے جہنم سے نکالدو''

اس جیسی دیگر احادیث کافی مشہور ہوگئی ہیں بلکہ عوام میں تو یہ ایسی پھیلی ہیں جس طرح خشک گھاس میں آگ پھیلتی ہے اور پھر پھیلتے پھیلتے خشک وتر سب کو اپنی لپیٹ میں لے لیتی ہے ۔بہت سے نام نہاد مسلمان یہ سمجھ بیٹھے ہیں کہ صرف لا الہ الا اللہ کا زبان سے اقرار مسلمان بننے اور جنت میں جانے کے لئے کافی ہے اگرچہ نمازیں چھوڑ دیں اور منکرات کا ارتکاب کرتے رہیں، اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے احکام کا مذاق اڑاتے رہیں اللہ کے ساتھ شرک کرتے رہیں اللہ کے دشمنوں یہود ونصاریٰ اور لادین لوگوں سے دوستیاں رکھیں ۔لوگوں میں کفریہ قوانین اور لوگوں کے بنائے ہوئے آئین نافذ

کرتے رہیں، اور اسلام کے قوانین سے سرعام روگردانی کریں جیسا کہ جہاد فی سبیل اللہ وغیرہ۔

آج کل مسلم ممالک میں یہی کچھ ہو رہا ہے جس کا ہم نے تذکرہ کیا ۔انہی حالات میں بچے جوان اور جوان بوڑھے ہو رہے ہیں ۔عرف عام میں اور لوگوں کے خیال میں بلکہ بعض درباری مولویوں کی رائے میں یہی ایک متوازن راستہ وطریقہ ہے ۔کچھ لوگ تو اس طریقے کو علماء حق کا وطیرہ قرار دینے سے بھی نہیں چوکتے حالانکہ اگر یہ علماء ان کا یہ حال دیکھ لیں تو ان سے برأت کا اعلان کردیں گے۔ اسی لیے ہم نے اس رسالہ میں علماء کے اقوال نقل کیے ہیں تا کہ حق وباطل باہم خلط نہ ہوں ۔توحید کے اہم مسائل میں ان علماء کی آراء کی وضاحت بھی کر دی ہے اس کے ساتھ ساتھ ائمۂ دعوت اور ان لوگوں کے درمیان فرق بھی واضح کر دیا ہے کہ ائمہ دعوت اپنے علم پر عمل کرتے ہیں اور احکام شرعیہ کے مطابق اپنی زندگی گزارتے ہیں اس معاملے میں وہ کسی کی پرواہ نہیں کرتے جب کہ یہ لوگ احکام شرع کی طرف توجہ نہیں کرتے یہ لوگ اس وقت تک کسی غلط بات یا عمل کی مذمت نہیں کرتے جب تک ان سے اس عمل کے بارے میں سوال نہ کیا جائے فتویٰ نہ مانگا جائے جبکہ ائمہ سلف رحمہم اللہ خود ہی برائیوں کی مخالفت کرتے تھے۔

اللہ ہم تجھ سے فریاد کرتے ہیں پناہ مانگتے ہیں طاغوتوں کے ظلم اور منافقین کی بے دینی زہریلی زبان زرخرید مصنفین وقلم کاروں کے شر سے تیری بارگاہ میں شکایت کرتے ہیں دین میں تحریف کرنے تبدیلی کرنے والوں کی ہر اس شخص کی جو حق کے بیان سے خاموشی اختیار کرے یا باطل کلام کا ارتکاب کرے

اللہ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں قول کی سچائی اور عمل کا اخلاص نصیب کرے اگر میری اس کتاب میں کوئی خطا وغلطی ہو تو اس کا ذمہ دار میں ہوں اور شیطان ہے ۔جب کہ اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم اس سے پاک وبری ہیں۔

وصلی اللّٰہ علی نبینا محمد واصحابه اجمعین. والحمد للّٰہ ربّ العالمین.

سلطان بن بجاد العتیبی ابوعبدالرحمن الأثری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

کتاب وسنت کی اتباع واجب ہے

تمام بندوں پر اللہ کے احکامات کی اطاعت اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی لازم ہے اسی طرح ہر اس قول وعمل کو ترک کرنا بھی ضروری ہے جو کتاب وسنت کے خلاف ہو یہی وہ اطاعت ہے جو لا الہ الا اللہ کی شروط میں سے ہے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کے بغیر توحید کا تصور محال ہے نہ ہی اس وقت تک کامیابی حاصل ہو سکتی ہے جب تک کتاب اللہ وسنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو انسانوں کے اقوال وآراء پر مقدم نہ کرلیا جائے اس لیے کہ انسانوں کے اقوال میں غور وفکر کر کے ان میں سے صحیح کو قبول اور غلط کو رد کیا جا سکتا ہے جبکہ اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کو ہر حال میں قبول کرنا ہوگا اس طرح ائمہ میں سے کسی بھی امام کے قول کو صاحبان بصیرت رد بھی کرتے ہیں اور قبول بھی کرتے ہیں خوش نصیب ہیں وہ لوگ جو وحی الٰہی کتاب وسنت کو اپنائے رکھتے ہیں اگرچہ کتنی ہی مشکلات کیوں نہ ہوں بد بخت ہیں وہ لوگ جو ان دونوں کو چھوڑ کر انسانوں کی آراء کو اپناتے ہیں ۔

عبداللہ بن سہل رحمہ اللہ فرماتے ہیں ۔"سنت کو مضبوطی سے تھامے رکھو مجھے یہ اندیشہ ہے کہ لوگوں پر ایسا وقت آجائے گا کہ جب کوئی شخص زندگی کے ہر معاملے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت وپیروی کی بات کرے گا تو لوگ ایسے شخص کی مذمت کریں گے اس سے دور بھاگیں گے اس کی توہین کریں گے اس سے بیزاری کا اظہار کریں گے"۔

علامہ سلیمان بن عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب رحمہم اللہ کہتے ہیں :"کہ اللہ سہل پر رحم فرمائے اس نے کتنی سچی اور سمجھداری کی بات کی ہے اب یہی کچھ ہو رہا ہے بلکہ اب تو صرف توحید کے درس خالص

اللہ کی عبادت کے درس اور اللہ کے علاوہ دوسروں کی عبادت ترک کرنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کے حکم اور ہر چھوٹے بڑے معاملے میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے کو ماننے کی بات کرنے والوں پر کفر کے فتوے لگائے جاتے ہیں ۔(تیسیر العزیز الحمید: ٦١)

جبکہ ہمیں اللہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا حکم قرآن میں ۳۳ مقام پر دیا ہے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت نہیں کرنی چاہیے کہ یہ صراحتاً گمراہی ہے اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے جنگ کے مترادف ہے ۔اللہ تعالیٰ نے سورہ نساء میں قسم کھا کر فرمایا ہے کہ جب تک لوگ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو ہر معاملے میں فیصلہ کرنے والا تسلیم نہ کرلیں اس وقت تک یہ مؤمن نہیں ہو سکتے ۔

فَلَا وَرَبِّکَ لَا یُؤْمِنُوْنَ حَتّٰی یُحَکِّمُوْکَ فِیْمَا شَجَرَ بَیْنَهُمْ ثُمَّ لَا یَجِدُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَیْتَ وَیُسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا (النساء: ٦٥)

"تیرے رب کی قسم یہ لوگ اس وقت تک مؤمن نہیں ہو سکتے ۔جب تک آپ (صلی اللہ علیہ وسلم) کو فیصلہ کرنے والا نہ مان لیں اور پھر آپ کے فیصلہ سے اپنے دلوں میں تنگی محسوس نہ کریں اسے مکمل طور پر تسلیم کرلیں"۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں پر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کسی شخص کی اطاعت فرض نہیں کی ۔ فرمان ربانی ہے ۔

وَاَطِیْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ لَعَلَّکُمْ تُرْحَمُوْنَ (آل عمران: ۱۳۲)

"اللہ کی اطاعت کرو اور رسول ﷺ کی تاکہ تم پر رحم کیا جائے"۔

اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو حکم دیا ہے کہ اس کی اطاعت کریں اور اس کے رسول کی یہ حکم وجوب کے لئے ہے یعنی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت لوگوں پر واجب ہے دیگر بہت سی آیات بھی اس کی تائید میں موجود ہیں ۔جب کہ یہ حکم اور امر وجوب کے لئے ہے تو ہر شخص

جانتا ہے کہ واجب حکم کی خلاف ورزی گناہ ہے اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کی معصیت ہے۔

اللہ کا فرمان ہے۔

فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

(النور: ٦٣)

''جولوگ اللہ کے حکم کی مخالفت کررہے ہیں انہیں اس بات سے ڈرنا چاہیے کہ انہیں کوئی مصیبت یا دردناک عذاب پہنچ جائے''۔

(مخالفت اس سے مراد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کی مخالفت بھی ہوسکتی ہے کیونکہ آپ کی مخالفت اللہ کی مخالفت ہے۔جس طرح آپ کی اطاعت اللہ کی اطاعت ہے)

اس آیت میں اللہ نے اپنی مخالفت کرنے والوں کو ڈرایا ہے کہ انہیں فتنہ پہنچ سکتا ہے یا عذاب الیم امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں ''کیا تمہیں معلوم ہے کہ فتنہ کیا ہے؟ فتنہ شرک ہے جب کوئی شخص اللہ کے کسی فرمان سے اعراض کرے گا تو ہوسکتا ہے کہ اس کے دل میں (اللہ کے احکام کے بارے میں) شک پیدا ہوجائے اور اس طرح وہ شخص ہلاکت میں پڑجائے''۔

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ ، وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ، وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (النور: ٥٤)

''(اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) کہہ دیجئے اللہ کی اطاعت کرو اور اس کے رسول کی اطاعت کرو اگر یہ لوگ پھر جائیں تو اس پیغمبر پر وہی ذمہ داری ہے جو اس پر ڈالی گئی ہے اور تم پر وہی ہے جو تم پر ڈالی گئی ہے اگر تم اس کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے اور رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) پر تو صرف واضح طور پر پہنچانا ہے''۔

اس آیت میں اللہ نے اپنی اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کا حکم دیا ہے اور پھر فرمایا ہے کہ اگر اس رسول کی اطاعت کرو گے تو ہدایت یافتہ کہلاؤ گے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ ہدایت صرف آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے ہی مل سکتی ہے کہ آیت میں جملہ شرطیہ مذکور ہے اور شرط کا جواب تب پایا جاتا ہے جب شرط پائی جائے لہٰذا ہدایت مشروط ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کے ساتھ اطاعت ہے تو ہدایت ہے ورنہ نہیں اسی لیے اللہ تعالیٰ نے فلاح وکامیابی کا مدار اپنی اور اپنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت پر رکھا ہے۔

جیسا کہ ارشاد ہے۔

وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا (احزاب: ٧١)

''جس نے اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت کی اس نے بہت بڑی کامیابی حاصل کرلی''

اور اللہ نے اپنے اور اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نافرمان کو واضح اور کھلا گمراہ قرار دیا ہے فرمایا۔

وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا (احزاب: ٣٦)

''جس نے اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی کی وہ واضح طور پر گمراہ ہوا''۔

ایک مقام پر اللہ تعالیٰ ہمیں حکم دے رہا ہے کہ ہم اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے قول کو اپنالیں اسے فی الفور قبول کرلیں۔

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (الحشر: ٧)

''جو کچھ تمہیں رسول دے اسے لے لو اور جس سے منع کردے اس سے رک جاؤ''۔

اسی طرح رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت سے متعلق احادیث بھی کثیر تعداد میں موجود ہیں جن میں سے بخاری مسلم کی مندرجہ ذیل روایتیں ہیں۔

❶ انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

((من رغب عن سنتی فلیس منی))

''جس نے میری سنت سے اعراض کیا وہ مجھ سے نہیں ہے'' (میرے ساتھ تعلق نہیں)

❷ ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

((کل امتی یدخلون الجنة الا من ابی، فقالوا یا رسول اللّٰہ من ابی ؟ قال من اطاعنی دخل الجنة ومن عصانی فقد ابی))

''میری ساری امت جنت میں داخل ہو جائے گی مگر جس نے انکار کیا (صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین نے) کہا کہ انکار کون کرے گا؟ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جس نے میری اطاعت کی وہ جنت میں گیا اور جس نے میری نافرمانی کی اس نے جنت میں جانے سے انکار کر دیا۔''

سلف نے منکرین حدیث کی مذمت کی ہے

سلف رضوان اللہ علیہم ان لوگوں کی شدید مذمت کرتے تھے جو اپنی آراء یا ہٹ دھری کی وجہ سے احادیث کا انکار کرتے ہیں بلکہ سلف تو ایسے لوگوں سے تعلق ہی ختم کر دیتے تھے حدیث کی تعظیم وتوقیر کی خاطر جیسا کہ مسلم میں سالم بن عبد اللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہتے ہیں عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔((لاتمنعوا نساء کم المساجد اذا استاذنتکم الیھا)) ''اپنی عورتوں کو مسجد جانے سے مت روکو جب وہ تم سے اجازت مانگیں تو بلال بن عبد اللہ رحمہ اللہ نے کہا۔(واللّٰہ لنمنعھن) ''اللہ کی قسم ہم تو ان کو روکیں گے'' سالمؒ کہتے ہیں کہ عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ان کی طرف متوجہ ہوئے انہیں بہت برا بھلا کہا اتنا کہ میں نے انہیں کبھی ایسا کہتے نہیں سنا تھا اور پھر کہا کہ میں تمہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سنا رہا ہوں اور تو کہہ رہا ہے کہ ہم روکیں گے؟''

بخاری و مسلم میں ہے کہ عبد اللہ بن مغفل رضی اللہ عنہ نے ایک شخص کو دیکھا کہ وہ کنکریاں مار رہا تھا تو عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کنکریاں مارنے سے منع کیا ہے یا اسے ناپسند کیا

ہے اس لیے کہ اس سے نہ تو شکار کیا جا سکتا ہے نہ دشمن کو مارا جا سکتا ہے۔ سوائے اس کے کہ کسی کی آنکھ پھوڑی جائے یا دانت توڑ دیا جائے اس کے بعد دوبارہ اس شخص کو کنکریاں مارتے دیکھا تو عبد اللہ رضی اللہ عنہ نے کہا کہ میں تمہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے بارے میں بتا رہا ہوں کہ وہ کنکریاں مارنے سے منع کرتے تھے یا ناپسند کرتے تھے اور تم پھر بھی کنکریاں مار رہے ہو۔ میں تم سے اتنی مدت تک بات نہیں کروں گا۔

بخاری میں زبیر بن عربی رحمہ اللہ سے روایت ہے کہتے ہیں: ایک شخص نے ابن عمر رضی اللہ عنہ سے سوال کیا حجر اسود کو چھونے کا ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا میں نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو دیکھا ہے کہ اس کو ہاتھ لگاتے تھے اور بوسہ دیتے تھے اس شخص نے کہا اگر بھیڑ ہو اور مجھے موقع نہ مل سکے تو ابن عمر رضی اللہ عنہ نے کہا یہ اگر مگر یمن میں ہی رکھو میں نے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو ایسا ہی کرتے دیکھا ہے ابن حجر رحمہ اللہ 'فتح الباری' میں کہتے ہیں کہ ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس کو یہ جو کہا کہ اگر مگر یمن میں ہی رکھو تو یہ اس لیے کہا کہ آپ رضی اللہ عنہ کو اس شخص کی باتوں سے حدیث سے اعراض کا پتہ چل رہا تھا اس لیے ابن عمر رضی اللہ عنہ نے اس بات کو ناپسند کیا اور اس شخص کو حکم دیا کہ جب حدیث سن لو تو اسے اپناؤ اور اپنی رائے کو چھوڑ دیا کرو۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے ایک مرتبہ حدیث سنائی تو لوگوں نے ابو بکر رضی اللہ عنہ اور عمر رضی اللہ عنہ کا قول اس حدیث کے خلاف پیش کر دیا۔ ابن عباس رضی اللہ عنہ نے کہا کیا بات ہے کہ تم باز نہیں آتے جب تک کہ اللہ تم پر عذاب نہ نازل کر دے؟ میں تمہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث سنا رہا ہوں اور تم ہمیں ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما کی بات بتا رہے ہو؟

علامہ سلیمان بن عبد اللہ بن محمد بن عبد الوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کہ جب ابن عباس رضی اللہ عنہ ابو بکر و عمر رضی اللہ عنہما جیسے اشخاص کے قول کے بارے میں یہ فرما رہے ہیں تو پھر اس شخص کو کیا کہا جائے گا جو اپنے امام کے قول کی وجہ سے یا اپنے مذہب کی بنا پر حدیث کو چھوڑ رہا ہو امام کے قول کو حدیث

رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے پرکھنے کے لئے معیار بنا رہا ہو جو حدیث امام کے قول کے موافق ہو اسے لے رہا ہو اور جو مخالف ہو اسے چھوڑ رہا ہو؟ ایسے شخص کے بارے میں ہم اللہ کا یہ قول ہی پیش کر سکتے ہیں۔

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ (التوبة: ۳۱)

’’ان لوگوں نے اپنے علماء اور درویشوں کو رب بنالیا ہے اللہ کو چھوڑ کر‘‘۔

(تیسیر العزیز الحمید: ۵۴۴،۵۴۵)

ابو السائب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کہ ہم ایک مرتبہ وکیع رحمہ اللہ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ انہوں نے ایک آدمی کو مخاطب کر کے کہا (جو اہل الرائے میں سے تھا) کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے شعار کیا ہے (چھری یا کسی نوکدار چیز سے اونٹ یا قربانی کے جانور کو زخمی کر کے نشان لگانا کہ یہ بیت اللہ کے لئے وقف ہے) اور ابوحنیفہ فرماتے ہیں کہ مثلہ ہے؟ (مثلہ کہتے ہیں جنگ میں دشمن کے کسی آدمی کے ہاتھ پاؤں، کان، ناک کاٹنا اس سے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منع کیا ہے) اس شخص نے جواب میں کہا کہ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ سے مروی ہے وہ کہتے ہیں شعار مُثلہ ہے۔ ابو السائب رحمہ اللہ کہتے ہیں میں نے دیکھا کہ وکیع رحمہ اللہ کو سخت غصہ آیا اور اس شخص سے کہا کہ میں تمہیں رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان سنا رہا ہوں اور تم کہتے ہو کہ ابراہیم نخعی رحمہ اللہ نے کہا ہے؟ تم اس بات کے مستحق ہو کہ تمہیں اس وقت تک قید میں رکھا جائے جب تک تم اپنے اس قول سے رجوع نہ کرلو۔

(جامع الترمذی: ۳/ ۲۵۰، والفقیہ والمتفقہ ۱/ ۱۴۹)

(آج کے دور میں بہت سے لوگ ہیں جو قید کیے جانے کے قابل ہیں۔ اس لیے کہ جب انہیں حدیث رسول صلی اللہ علیہ وسلم سنائی جاتی ہے تو کہتے ہیں کہ فلاں عالم نے اس طرح کہا ہے، فلاں نے یہ فتوی دیا ہے۔ یعنی ان کے نزدیک افراد ہی شریعت کے ماخذ ہیں) جو لوگ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی

حدیث کے مقابلے پر افراد و اشخاص کے اقوال پیش کرتے ہیں ان کو قید کر دینا چاہئے جب تک کہ وہ اپنی روش سے توبہ نہ کرلیں۔

ابو یعلی رحمہ اللہ نے (طبقات الحنابلہ: ۱/ ۲۵۱) میں فضل بن زیادؒ کے بارے میں لکھا ہے وہ امام احمد بن حنبل رحمہ اللہ سے نقل کرتے ہیں کہ ابن ابی ذئب رحمہ اللہ کو خبر ملی کہ امام مالک رحمہ اللہ ’’البیعان بالخیار‘‘ والی حدیث نہیں لیتے، تو ابن ابی ذئب رحمہ اللہ نے کہا کہ ان سے توبہ کروائی جائے اگر توبہ نہیں کرتے تو ان کی گردن کاٹ دی جائے (امام مالک رحمہ اللہ نے حدیث رد نہیں کی تھی بلکہ اس کی تاویل کر کے دوسرا مطلب لیتے تھے) سلف صالحین رحمہم اللہ حدیث کی مخالفت کرنے والوں کی اس طرح مذمت کرتے تھے چاہے یہ مخالفت قیاس کی بنا پر ہوتی یا استحسان و استصواب کے نام پر یا کسی عالم کے قول و فتوی کی وجہ سے ہوتی سلفؒ ایسے لوگوں سے ترک تعلق کرتے تھے جب تک کہ ایسے لوگ اپنے عمل سے رجوع نہ کرلیں، حدیث کو مکمل طور پر تسلیم کر کے اس کی پیروی نہ شروع کر دیتے وہ اس شخص کو بھی ناپسند کرتے تھے جو اس بنا پر حدیث کو لیتے ہیں جب وہ قیاس کے موافق ہو یا کسی امام یا عالم کے قول و فتوی کے موافق ہو وہ تو اللہ کے اس فرمان پر عمل پیرا تھے

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ (احزاب: ۳۶)

’’جب اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کسی امر کا حکم دیں تو پھر کسی مومن مرد یا مومنہ عورت کو اپنے معاملہ کا کوئی اختیار نہیں رہتا‘‘۔

دوسری جگہ اللہ کا ارشاد ہے۔

فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُوْنَ حَتّٰى يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوْا فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (النساء: ٦٦)

”تیرے رب کی قسم یہ لوگ اس وقت تک مؤمن نہیں ہو سکتے۔ جب تک تجھے (اے محمد صلی اللہ علیہ وسلم) اپنے تنازعات میں فیصل نہ مان لیں اور پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے سے اپنے دلوں میں تنگی محسوس نہ کریں اسے مکمل طور پر تسلیم کر لیں“۔

مگر ہم اب ایسے دور میں جی رہے ہیں جب کسی سے کہا جاتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرح فرمایا ہے تو وہ کہتا ہے کس نے کہا ہے؟ یعنی یہ جاننا ہی نہیں چاہتا کہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا قول ہے خود کو بے خبر رکھ کر حدیث کی مخالفت یا اس پر عمل نہ کرنے کا بہانہ تلاش کرتا ہے حالانکہ ایسے لوگ اگر اپنے آپ سے مخلص ہوں تو انہیں معلوم ہونا چاہیے کہ ان کا اس طرح انجان بن کر حدیث پر عمل نہ کرنا باطل کی طرف جاتا ہے۔ اعلام الموقعین میں کسی عالم کا قول مذکور ہے جس نے کہا تھا کہ ہم حدیث رسول پر اس وقت تک عمل نہیں کریں گے جب تک ہمیں یہ معلوم نہ ہو جائے کہ اس حدیث پر ہم سے پہلے کسی نے عمل کیا ہے اگر کسی کے پاس حدیث پہنچ گئی مگر اسے معلوم نہ تھا کہ اس پر کسی نے عمل کیا ہے (یا نہیں) تو اس کے لئے حدیث پر عمل کرنا جائز نہیں ہے۔ (اعلام الموقعین: ۴/۲۴۴، ۲۵۴)

تقلید کی مذمت

تقلید کی تعریف ہے دلیل جانے بغیر کسی قول کو قبول کرنا۔ اس بات پر اتفاق ہو چکا ہے کہ تقلید علم نہیں ہے اور مقلد کو عالم نہیں کہا جا سکتا۔ (اعلام الموقعین: ۱/۴۵)

اسی لیے علماء نے اپنی تقلید سے منع کیا ہے۔ ائمہ کرام رحمہم اللہ کہتے ہیں کہ ہر شخص کا قول لیا جا سکتا ہے اور چھوڑا بھی جا سکتا ہے سوائے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے امام ابو حنیفہ کہتے ہیں۔ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث آ جائے تو سر آنکھوں پر ہے اگر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میں سے کسی کا قول آ جائے تو وہ بھی سر آنکھوں پر اور جب تابعین رحمہم اللہ میں سے کسی کا قول آ جائے تو وہ بھی آدمی ہیں ہم بھی آدمی ہیں امام مالک رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ ہم میں سے ہر ایک کا قول لیا بھی جا سکتا ہے اور رد بھی کیا جا سکتا

ہے سوائے اس قبر والے (یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کے قول کو لیا ہی لیا ہے رد نہیں کرنا) امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں جب صحیح حدیث آ جائے تو وہی میرا مذہب ہے۔ نیز فرماتے ہیں جب میری بات نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے خلاف ہو تو میری بات کو دیوار پر دے مار فرماتے ہیں۔ اس بات پر مسلمانوں کا اجماع ہے کہ جس کے سامنے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت ظاہر اور واضح ہو کر آ گئی تو اس کے لیے جائز نہیں کہ اس حدیث کو کسی کے قول اور رائے کی وجہ سے ترک کر دے۔

امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مجھے ان لوگوں پر تعجب ہوتا ہے جو حدیث کی سند سے واقف ہوتے ہیں کہ صحیح ہے پھر بھی وہ سفیان ثوری رحمہ اللہ کے قول کی طرف جاتے ہیں جبکہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ

(النور: ۶۳)

”جو لوگ اس کے قول کی مخالفت کرتے ہیں انہیں ڈرنا چاہیے اس بات سے کہ انہیں فتنہ یا عذاب الیم پہنچ جائے“۔

امام صاحب رحمہ اللہ مزید فرماتے ہیں: میری تقلید ہرگز نہ کرنا اور نہ ہی اوزاعی رحمہ اللہ وسفیان رحمہ اللہ کی تقلید کرنا وہاں سے لینا جہاں سے انہوں نے لیا ہے (یعنی علم اور شریعت)

عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ تم لوگوں پر آسمان سے پتھر برسیں اس لیے کہ میں کہتا ہوں رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہے تو تم کہتے ہو کہ ابو بکر وعمر رضی اللہ عنہما نے یہ کہا ہے۔ (فتح المجید: ۲۸۷، ۲۸۸)

علامہ سلیمان بن عبد اللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مومن پر فرض اور لازم ہے کہ جب اسے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہنچ جائے اور ان کے معنی سے بھی وہ واقف ہو جائے تو وہ ان پر عمل کرے۔ اگر چہ کوئی اس کی مخالفت ہی کیوں نہ کر رہا ہو اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں حکم دیا ہے اور

رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا بھی یہی حکم ہے علماء کا اس بات پر اجماع ہے سوائے جاہل مقلدین کے جبکہ مقلدین کو تو علماء میں شمار نہیں کیا جاتا۔ ابن عبد البر رحمہ اللہ نے اس بات پر اجماع نقل کیا ہے کہ مقلدین کو علماء میں شمار نہیں کیا جاسکتا۔ (تیسیر العزیز الحمید: ٥٤٦،٥٤٧)

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں۔ اتباع کرو بدعتی مت بنو۔ یہ تمہارے لیے کافی ہے۔

امام اوزاعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں سلف صالحینؒ کے نقش قدم پر چلتے رہو اگر چہ لوگ تمہیں چھوڑ دیں اور لوگوں کی آراء سے خود کو بچائے رکھو اگر چہ وہ کتنی ہی خوبصورت باتیں کریں۔ امام ابن تیمیہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ جس کے پاس دلیل (یعنی قرآن وحدیث) نہیں وہ راہ سے بھٹک گیا ہے۔

نبوت کی گواہی کے تقاضے؟

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ کتاب التوحید کی شرح میں فرماتے ہیں جس نے اشھد ان محمدا عبدہ ورسولہ کا اقرار کرلیا یعنی یقین اور دل کی سچائی کے ساتھ یہ گواہی دے دی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے بندے اور رسول ہیں تو پھر اس اقرار اور گواہی کا تقاضا ہے کہ وہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرے۔ اس کے امر اور نہی کو اہمیت دے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت کو لازم پکڑے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیث کے معارض کسی شخص کا قول نہ اپنائے اس لیے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ ہر شخص کی بات میں خطاء کا امکان ہے جبکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو اللہ نے خطاء سے محفوظ رکھا ہے اور ہمیں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت اپنانے کا حکم دیا ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت سے منع کیا ہے۔

وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَنْ يَّكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ (احزاب:٣٦)

"کسی مومن مرد یا عورت کے لئے جائز نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول (صلی اللہ علیہ

وسلم) کسی کام کا فیصلہ کردیں تو ان کا کوئی اختیار رہو"۔

دوسری جگہ ارشاد ہے۔

فَلْيَحْذَرِ الَّذِينَ يُخَالِفُونَ عَنْ أَمْرِهِ أَنْ تُصِيبَهُمْ فِتْنَةٌ أَوْ يُصِيبَهُمْ عَذَابٌ أَلِيمٌ

(النور:٦٣)

"ان لوگوں کو ڈرنا چاہیے جو اس کے حکم کی مخالفت کرتے ہیں کہ کہیں انہیں فتنہ یا دردناک عذاب نہ پہنچے"۔

امام احمد رحمہ اللہ فرماتے ہیں کیا آپ جانتے ہیں کہ فتنہ کیا ہے؟ فتنہ شرک ہے کہ جب نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے کسی قول کو انسان رد کردے گا تو ہوسکتا ہے کہ اس کے دل میں گمراہی اور کجی آجائے اور اس طرح وہ ہلاک ہوجائے (آج کل بہت سے لوگ صرف اس بنا پر حق کو چھوڑ دیتے ہیں کہ وہ ان کی خواہشات کے خلاف ہوتا ہے ایسے لوگوں کو گمراہی اور ہلاکت سے ڈرنا چاہیے) نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت میں لوگوں نے بہت کمی کردی ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمان پر ان لوگوں کے اقوال کو مقدم کیا جارہا ہے جن سے خطا کا امکان ہے خصوصا علماء سے بھی یہ غلطی ہورہی ہے۔

(قرۃ عیون الموحدین: ٢٦)

شیخ سلیمان بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کہ ابن رجب رحمہ اللہ نے کہا ہے کہ جو شخص اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے دل کی گہرائیوں سے محبت رکھتا ہے تو یہ محبت اس پر لازم کرتی ہے کہ وہ اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی پسندیدہ چیزوں کو اپنائے اور ان کے ناپسندیدہ کو ترک کردے جس بات سے اللہ اور اس کا رسول صلی اللہ علیہ وسلم راضی ہوں اس پر راضی رہیں اور اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کی ناراضگی والی باتوں اور کاموں سے دور رہے اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مرضی کے کام کرتا رہے۔ اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کا یہی تقاضا ہے۔ اگر اس نے کوئی ایسا کام کیا جو

اس کی محبت کے منافی تھا یعنی اللہ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا ناپسندیدہ عمل کیا یا اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا پسندیدہ عمل ترک کیا تو یہ اس بات کی دلیل ہوگی کہ اس کے دل میں اللہ اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کم ہے لہٰذا اسے توبہ کرنی چاہیے اور اس محبت کی تکمیل کرنی چاہیے جو اس پر واجب اور لازم ہے تمام معصیات اس لیے پیدا ہوتی ہیں کہ انسان اپنی خواہشات کو اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت پر مقدم رکھتا ہے اسی طرح بدعات پیدا ہونے کی بھی یہی وجہ ہے کہ خواہشات کو شریعت پر مقدم رکھا جائے، انسان پر یہ بھی لازم ہے کہ اگر وہ کسی شخص سے محبت کرتا ہے تو یہ محبت اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کے تابع ہونی چاہیے اس پر مقدم نہ ہو جس نے اللہ کی خاطر محبت کی اور اسی کی خاطر نفرت کی۔ اسکی وجہ سے دیتا ہے اسی کی وجہ سے روکتا ہے تو اسی نے ایمان کی تکمیل کر لی۔ اور جس کی محبت و نفرت دینا نہ دینا صرف اپنی خواہش کی بنا پر ہو تو یہ اس کے ایمان کی کمزوری ہے اس پر تو یہ لازم ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی شریعت کی طرف رجوع کرنا واجب ہے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی محبت کو اپنی خواہش پر مقدم کرنا واجب ہے۔ (تیسیر العزیز الحمید: ٥٦٩، ٥٧٠)

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ لوگوں میں آج کل یہ عادت عام ہوگئی ہے کہ وہ اپنی خواہشات کی وجہ سے حق کو ٹھکراتے ہیں۔ رائے کی بنا پر حق کی مخالفت کرتے ہیں دراصل یہ ایمان و دین کے نقص کی علامت ہے۔ (مجموعہ رسائل والمسائل النجدیہ: ٤/ ٢٩٤)

شرک فی الطاعۃ سے اجتناب کرو

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ کتاب التوحید کی شرح میں فرماتے ہیں کہ عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ سے مروی حدیث میں اس بات کی دلیل موجود ہے درویشوں اور راہبوں کی ایسی اطاعت جو اللہ کی نافرمانی کا سبب ہو یہ ان راہبوں اور درویشوں کی عبادت ہے یہ شرک اکبر ہے جسے اللہ معاف نہیں کرتا۔ (فتح المجید: ٣٩٠)

مزید فرماتے ہیں قسم ثالث شرک فی الاطاعت ہے۔

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (التوبۃ: ٣١)

”ان لوگوں نے اپنے علماء اور درویشوں اور عیسیٰ بن مریم کو اللہ کے علاوہ رب بنالیا ہے حالانکہ انہیں حکم دیا گیا تھا کہ صرف ایک معبود کی عبادت کریں وہ پاک ہے ان کے شرک سے“

اس آیت کی واضح تفسیر یہ ہے کہ بندوں اور علماء کی اطاعت کرنا اگر چہ اللہ کی مخالفت ہو رہی ہو اس میں کسی کو پکارنا مراد نہیں ہے۔ اس لیے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کا مطلب یہی بیان کیا ہے کہ جب عدی بن حاتم رضی اللہ عنہ نے کہا کہ ہم تو اپنے علماء کی عبادت نہیں کرتے تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ان کی عبادت سے مراد ان کی اطاعت کرنا۔ (مجموعۃ التوحید: ٥)

اسلام کی حقیقت (توحید کی حقیقت)

دین اسلام کی بنیاد کیا ہے؟

امام محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ اسلام کی تعریف ان الفاظ میں کرتے ہیں:

دین کی بنیاد دو چیزیں ہے۔

① **عبادت:** اس پر دوسروں کو بھی راغب کرنا اسی کی بنا پر تعلقات رکھنا اور اس کو ترک کرنے والے کو کافر سمجھنا۔

② اللہ کی عبادت میں شرک سے ڈرانا اور اس میں سختی سے کام لینا شرک کی وجہ سے ہی دشمنی کرنا۔ شرک کرنے والے کو کافر سمجھنا۔ (الدرر السنیۃ: ٢/ ٢٢)

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں: اسلام کی بنیاد یہ ہے کہ انسان اپنے دل اور اعضاء سے

اللہ کا اطاعت گذار بن جائے اس کی توحید کا اقرار کرے اسے ربوبیت والوہیت دونوں میں یکتا واکیلا مانے اپنے رب کی مرضی کو اپنی تمام خواہشات پر مقدم رکھے۔

(مجموعہ الرسائل والمسائل النجدیہ: ٤/٢٠٤)

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: یاد رکھو کہ اللہ کا دین یہ ہے کہ دل سے اعتقاد اور محبت ونفرت کا زبان سے اقرار اور کفر کے ترک اور اعضاء سے عمل کیا جائے۔ کفر کا سبب بننے والے عمل ترک کر دیئے جائیں اگر کسی نے ان میں سے ایک بھی کام کر دیا تو وہ کافر مرتد کہلائے گا۔

(الدرر السنیۃ: ١٠/٨٧)

کلمۂ توحید کا معنی سمجھے بغیر اقرار بے فائدہ ہے

شیخ سلیمان بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لا الہ الا اللہ کا اقرار اس طرح کرنا چاہیے کہ اس کے معنی کو سمجھتا ہو اس کے ظاہری وباطنی تقاضوں کو پورا کرتا ہو اس لیے کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَاعْلَمْ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ (محمد:١٩)

"جان لو کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے"۔

دوسری جگہ ارشاد ہے۔

اِلَّا مَنْ شَهِدَ بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (الزخرف:٨٦)

"مگر جس نے حق کی گواہی دی اور وہ جانتے ہیں"۔

بغیر معنی جانے اور تقاضوں پر عمل کیے بغیر کلمہ کا اقرار کوئی فائدہ نہیں کرتا اس پر اجماع ہو چکا ہے۔ افسوس کی بات ہے کہ ابوجہل اور دیگر سرداران قریش لا الہ الا اللہ کا معنی جانتے تھے مگر آج اکثر لوگ اس کے معنی سے لاعلم ہیں اور جو لوگ اس کا معنی جانتے ہیں وہ عمل نہیں کرتے بلکہ اس کے تقاضوں کے منافی کام کرتے ہیں اور سمجھتے ہیں کہ اس سے ہماری توحید پر کوئی اثر نہیں پڑتا حالانکہ اس بیچارے کو معلوم کہ یہ

تو اسلام لانے کے بعد دوبارہ مرتد ہو چکا ہے۔

عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں: جس نے لا الہ الا اللہ کا اقرار کیا اور اخلاص وسچائی کے ساتھ اس پر عمل کر لیا قبولیت، محبت اور اطاعت کے ساتھ تو اللہ اس کو جنت میں داخل کر دے گا اگر چہ کیسا ہی عمل کیوں نہ کرتا ہو۔ (قرۃعیون الموحدین: ٣٢)

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب یہ معلوم ہو جاتا ہے کہ جاہل کفار بھی (کلمہ کا معنی) جانتے تھے تو پھر تعجب ہے ان لوگوں پر جو اسلام کا دعویٰ کرتے ہیں مگر کلمے کی تفسیر اتنی بھی نہیں جانتے جتنی کہ جاہل کفار جانتے تھے بلکہ یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ دلی اعتقاد اور معنی کو سمجھے بغیر صرف کلمہ کا زبانی اقرار ہی کافی ہے اور اگر کوئی زیادہ سمجھداری کا دعوے دار ہے تو وہ صرف کلمہ کا اتنا معنی جانتا ہے اللہ کے علاوہ کوئی خالق، رازق، زندہ کرنے والا، مارنے والا، تدبیر کرنے والا کوئی نہیں ہے یہ لوگ جاہل کافروں کہ جتنا بھی کلمہ کا معنی نہیں جانتے۔ (الدرر السنیۃ: ١/٧٠)

مزید فرماتے ہیں: امت کا اس بات پر اتفاق ہے کہ توحید کے لئے ضروری ہے کہ وہ دل سے ہو یعنی توحید کا علم ہو، زبان سے ہو یعنی اقرار، عملی ہو یعنی اللہ کے اوامر ونواہی کا نفاذ اگر ان میں سے ایک چیز بھی کم ہو گئی تو آدمی مسلمان نہیں رہتا (البتہ مرجئہ اس کے خلاف ہیں وہ کہتے ہیں کہ ایمان صرف دلی اعتقاد کا نام ہے مگر ان کی یہ بات صحیح نہیں) اگر کسی نے توحید کا اقرار کر لیا مگر اس پر عمل نہ کیا تو وہ کافر ہے فرعون وابلیس کی طرح۔ اور اگر عمل کر لیا ظاہری طور پر مگر باطنی طور پر عقیدہ نہیں رکھا تو وہ خالص منافق ہے کفار سے بدتر ہے۔ (الدرر السنیۃ: ٢/١٢٤، ١٢٥)

نیز فرماتے ہیں: لا الہ الا اللہ کے معنی میں نفی بھی ہے اور اثبات بھی چار چیزوں کی نفی ہے چار قسم کا اثبات ہے نفی ہے، الٰہ، طاغوت، انداد، ارباب کی۔

﴿الٰہ﴾ سے مراد ہے۔ جس سے نفع ونقصان کی امید رکھی جائے۔

﴿**طاغوت**﴾ جس کی عبادت کی جائے اور وہ اس پر راضی ہو۔یا عبادت پرستش کا سبب بننے والے یا اس کے مشابہ امور اختیار کرنا جیسا کہ کسی بادشاہ کے لئے تعریف کے مخصوص الفاظ کے اس میں بہت زیادہ مبالغہ کیا جائے۔

﴿**انداد**﴾ جو چیز بھی انسان کو دین اسلام سے دور کرنے کا سبب بنے چاہے بیوی بچے ہوں یا گھر ہو، خاندان قوم قبیلہ ہو یا مال و دولت تو اسے انداد کہا جاتا ہے۔جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ (البقرہ:۱٦۵)

’’کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو اللہ کے علاوہ انداد (شریک) بناتے ہیں ان سے ایسی محبت کرتے ہیں جیسی محبت اللہ سے کی جاتی ہے‘‘۔

ارباب: جو حق کے خلاف فتویٰ دے اور اس کی تصدیق کرے اس کو مانا جائے تو یہ کسی کو رب بنانا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے۔

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (التوبۃ:۳۱)

’’ان لوگوں نے اپنے احبار و رہبان کو اور مسیح ابن مریم کو اللہ کے علاوہ رب بنالیا ہے حالانکہ انہیں حکم دیا گیا تھا کہ صرف ایک اللہ کی عبادت کریں وہ پاک ہے ان کے شرک سے‘‘

بہت سے لوگ ایسے بھی ہیں جنہوں نے حق کے خلاف فتوے دیئے ہیں اور لوگوں نے انہیں تسلیم کیا ہے ان کا کہا مانا ہے اس دور کا سب سے پہلا شخص جسے لوگوں نے رب مانا ہے وہ طاغوت ہے القرضاوی، جس نے امت کو گمراہ کیا ہر چیز ان کے لیے حلال قرار دے دی عورت کے فتنے کو پھیلانے کا سبب بنا مرد و عورت کے میل جول کو جائز قرار دیا اس کے دیگر گمراہ کن خیالات اور فتاوے بھی ہیں

جن کی تفصیل حسب ذیل ہے۔

① یہود، نصاریٰ اور دیگر کفار سے نرمی کا برتاؤ کرنا وہ کہتا ہے کہ ان تینوں گروہوں میں سے جو بھی مسلمانوں کے ساتھ صلح و امن سے رہنا چاہے ان سے دوستی کرنی چاہیے۔(الحلال والحرام:۳۰۷)

② ان کے آسمانی ادیان کا احترام کرنا چاہیے۔(الاسلام والعلمانیۃ:۱۰۱)

③ وہ ہمارے بھائی ہیں۔(نحو وحدت الفکریہ:۸۱)

④ ہماری جنگ یہودیوں کے ساتھ عقیدے کی بنیاد پر نہیں ہے۔(مجلہ البیان العدد ۱۲٤)

⑤ گمراہ اور بدعتی فرقوں اور افراد کے ساتھ نرمی کا سلوک کرنا چاہیے۔

(الصحوۃ الاسلامیہ بین الجحود والتطرف:۸۹)

⑥ آخرت میں اللہ کے دیدار کا انکار کرتا ہے جیسا کہ اہل سنت کا عقیدہ ہے البتہ بدعتی فرقہ اشاعرہ کے طریقہ کے مطابق ثابت مانتا ہے۔(المرجعۃ العلیافی الاسلام:٦۲۸)

جبکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وجوہ یومئذ ناضرۃ الٰی ربہا ناظرۃ

’’بہت سے چہرے اس دن تر و تازہ ہوں گے اپنے رب کی طرف دیکھنے والے ہوں گے‘‘

⑦ الخصائص العامۃ الاسلامیہ میں قرضاوی کہتا ہے کہ روافض سے دوستی کرنا چاہیے۔

حالانکہ رافضی قرآن میں عیب نکالتے ہیں اسے ناقص سمجھتے ہیں علی رضی اللہ عنہ کو خدا مانتے ہیں صحابہ رضی اللہ عنہم اجمعین پر لعنت کرتے ہیں (نعوذباللہ) جبکہ اللہ نے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی مدح وستائش کی ہے۔

مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗٓ اَشِدَّآءُ عَلَى الْكُفَّارِ رُحَمَآءُ بَيْنَهُمْ (الفتح:۲۹)

’’محمد اللہ کے رسول ہیں اور جو لوگ آپ کے ساتھ ہیں وہ کفار پر سخت اور آپس میں رحمدل

ہیں"

⑧ قرضاوی جمہوریت اپنانے کی دعوت دیتا ہے۔ (الفتاوی المعاصرہ: ۲/۶۳۷)

حالانکہ جمہوریت کفر ہے اس لیے کہ یہ غیر اللہ کو تحکیم کا حق دیتی ہے جبکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ (المائدۃ: ۴۴)

"جو اللہ کی نازل کردہ قانون کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہی لوگ کافر ہیں"۔

⑨ اس کا کردار و عمل بھی عقل پسندوں والا ہے جو کہ معتزلہ کے بقایا جات ہیں۔ اس لیے قرضاوی بعض صحیح احادیث کو اس بنیاد پر رد کرتا ہے کہ یہ قرآن اور عقل انسانی کے خلاف ہیں۔

جبکہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَمَآ اٰتٰىكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (الحشر: ۷)

"جو کچھ تمہیں رسول دیں اسے لے لو اور جس سے منع کریں اس سے رک جاؤ"۔

قرضاوی نے جن احادیث کو رد کیا ہے ان میں سے چند احادیث ذیل میں درج کی جاتی ہیں۔

❶ مسلم میں حدیث ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہا تھا کہ ((ابی وایاك فی النار)) "میرا باپ اور تمہارا باپ جہنم میں ہیں" علماء کا اس پر اتفاق ہے (کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے والد جہنم میں ہیں) مگر قرضاوی کہتا ہے: "میں کہتا ہوں کہ عبد اللہ بن عبد المطلب نے کون سا گناہ کیا تھا جس کی پاداش میں اسے جہنم میں ڈال دیا گیا؟ حالانکہ وہ تو اہل الفترہ میں سے ہیں اور اہل فترہ کے بارے میں اتفاق ہے کہ ان کی نجات ہوگی"۔ (کیف نتعامل مع السنہ النبویہ: ۱۶۲)

(نوٹ: اہل فترہ سے مراد وہ لوگ ہیں جو دو نبیوں کے درمیان اس وقفہ میں پیدا ہوئے اور مر گئے جب کسی نبی کا دین موجود نہ تھا وحی نازل نہیں ہو رہی تھی مگر اہل فترہ والی روایت کی سند ضعیف ہے صحیح نہیں۔ مترجم)

❷ صحیحین میں حدیث مروی ہے ((یوتی بالموت کھیئۃ کبش املح)) "قیامت

میں موت کو ایک مینڈھے کی صورت میں لا کر ذبح کیا جائے گا" قرضاوی کہتا ہے یہ بات سب کو یقینی طور پر معلوم ہے عقل و نقل اس پر متفق ہیں کہ موت نہ تو مینڈھا ہے نہ بیل اور نہ ہی کوئی اور حیوان ہے (ایضاً)

❸ صحیحین میں حدیث ہے۔ ((لن یفلح قوم ولوا امرھم امرأۃ)) "وہ قوم کبھی کامیاب نہیں ہو سکتی جس نے عورت کو اپنا سربراہ یا امور کا مختار بنالیا" قرضاوی کہتا ہے۔ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے دور کی بات ہے جب حکومت مردوں کے ہاتھ میں ہوتی تھی اور یہ حکومت وہ زبردستی حاصل کرتے تھے جبکہ موجودہ دور میں ایسا نہیں ہے۔ (برنامج فی قناۃ)

❹ صحیح حدیث ہے جس میں آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ ((ما رأیت من ناقصات عقل ودین أسلب للب الرجل الحازم احداکن)) "میں نے ناقص العقل و دین اور سمجھدار آدمی کی عقل کو سلب کرنے والی تم میں سے زیادہ نہیں دیکھا" قرضاوی کہتا ہے۔ یہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مزاح کے طور پر کہا تھا اس طرح قرضاوی واضح طور پر احادیث کو رد کر رہا ہے اور اپنی عقل کو مقدم کر رہا ہے۔

❺ صحیح حدیث میں ہے کہ ((لایقتل مسلم بکافر)) "کافر کے بدلے میں مسلمان کو قتل نہیں کیا جائے گا" (اگر مسلمان نے کسی کافر کو قتل کر دیا تو بدلے میں قاتل مسلمان قتل نہ ہوگا) قرضاوی کہتا ہے۔ یہ رائے ہمارے زمانے کے لئے موزوں نہیں ہے اس رائے کو ترجیح دے کر ہم عذر کو باطل کر کے اور شریعت کا علم بلند کر رہے ہیں۔ (الشیخ الغزالی کما عرفتہ: ۱۶۸)

اس قرضاوی نے بوذا میں بت توڑنے کی بھی مخالفت کی تھی۔ مگر بڑی مصیبت یہ بھی ہے کہ ہمارے ہاں ایسے بھی مبلغین ہیں جو قرضاوی کا دفاع کرتے ہیں اس کی شان میں قصیدے پڑھتے ہیں ہمارے خیال میں تو قرضاوی کا دفاع وہی شخص کر سکتا ہے جو توحید سے ناواقف ہو ورنہ یہ مذکورہ آراء قرضاوی

کے کفروارتداد پر واضح دلیل ہیں۔

توحید کے بارے میں چار باتیں ثابت ہیں۔

① مقصد یا ارادہ یعنی صرف ایک اللہ ہی کو ماننا مقصود ہو اس کی تعظیم اور محبت مطلوب ہو۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِلّٰهِ (البقرہ:۱۶۵)

''جو لوگ مومن ہیں وہ اللہ سے شدید محبت کرتے ہیں''۔

خوف وامید:

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (یونس:۱۰۷)

''اگر اللہ آپ کو نقصان پہنچادے تو اسے دور کرنے والا کوئی نہیں ہے اور اگر وہ آپ کو بھلائی پہنچانے کا ارادہ کرلے تو کوئی اس کے فضل کا دور کرنے والا نہیں اپنے بندوں میں سے جسے چاہے اپنا فضل پہنچادے اور وہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے''

جس نے یہ سب کچھ جان لیا تو گویا اس نے غیر اللہ سے ناطہ توڑ لیا اب اس پر باطل کا غلبہ نہیں ہوسکتا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ابراہیم علیہ السلام کے بارے میں خبر دی ہے کہ اس نے بتوں کو توڑ ڈالا اور اپنی قوم سے بیزاری کا اعلان کردیا۔

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَفَرْنَا بِكُمْ (الممتحنۃ:۴)

''تمہارے لئے ابراہیم اور اس کے ساتھی بہترین نمونہ ہیں جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ ہم تم سے اور جنہیں تم اللہ کے علاوہ پکارتے ہو ان سے بیزار ہیں۔ ہم تمہارے

اس عمل کا انکار کرتے ہیں''۔

شیخ سلیمان بن عبداللہ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کوئی مشرک زبان سے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہہ دے مگر الہ اور رسول کا معنی نہ جانتا ہو۔ نماز پڑھتا ہو روزے رکھتا ہو حج کرتا ہو مگر ان کی حقیقت سے واقف نہ ہو صرف لوگوں کی دیکھا دیکھی کررہا ہو شرک کا کوئی عمل نہ کرتا ہو اس آدمی کے عدم اسلام میں کسی کو کوئی شک نہیں یعنی یہ آدمی مسلمان نہیں ہے۔ فقہائے مغرب نے گیارہویں صدی یا اس سے قبل ایسے ہی ایک شخص کے بارے میں اس طرح کا فتوی دیا تھا۔ الدر الثمین فی شرح المرشد المعین میں مذکور ہے اس کی شرح میں لکھا ہے یہ وہ فتوی ہے جو ان فقہا نے انتہائی صراحت اور وضاحت سے دیا ہے اس میں کسی نے اختلاف نہیں کیا ہے۔ (تیسیر العزیز الحمید: ۸۰،۸۱)

معبود کس کو کہتے ہیں؟

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: الہ ہمارے زمانے میں اب سید، شیخ وغیرہ کو کہا جاتا ہے جنہیں لوگ پر اسرار بندے کہتے ہیں اور ان کے بارے میں یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ یہ نفع ونقصان کے اختیارات کے مالک ہیں جس نے بھی اس طرح کا عقیدہ کسی نبی یا غیر نبی کے بارے میں رکھا تو اسے الہ بنالیا۔ اس لیے کہ بنی اسرائیل نے عیسیٰ علیہ السلام اور ان کی ماں مریم علیہا السلام کو الہ قرار دیا تھا۔

وَاِذْ قَالَ اللّٰهُ يٰعِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قَالَ سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ (المائدہ:۱۱۶)

''جب کہے گا اللہ اے عیسیٰ ابن مریم کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ مجھے اور میری ماں کو اللہ کے علاوہ الہ بناؤ؟ عیسیٰؑ کہیں گے تو پاک ہے میرے لئے جائز نہیں کہ میں وہ بات کروں

جس کا مجھے حق نہیں اگر میں نے کہا ہوتا تو تو جانتا ہے جو میرے دل میں ہے میں نہیں جانتا
جو تیرے دل میں ہے تو غیب کو جانتا ہے"۔(مجموعۃ الرسائل و المسائل: ٤/ ٣٨)

شیخ عبداللہ بن عبدالرحمٰن ابوبطین رحمہ اللہ کہتے ہیں: جب انسان جان لے اور سمجھ لے کہ الہ کا معنی معبود ہے اور عبادت کی حقیقت بھی سمجھ جائے تو اس کو معلوم ہوتا ہے کہ عبادات میں سے کوئی بھی عبادت اللہ کے علاوہ کسی اور کے لئے کرنا اس کو الہ بنانا ہے اگر چہ اسے معبود یا الہ کا نام نہ بھی دے بلکہ اسے وسیلہ کہے سفارش کہے یا التجا کا نام دے مشرک مشرک ہی ہوتا ہے چاہے وہ تسلیم کرے یا نہ کرے جیسا کہ سود خور سود خور ہی ہوتا ہے چاہے وہ مانے یا نہ مانے اور اپنے اس فعل کو سود نہ کہے اسی طرح شراب پینے والا شرابی ہی ہے چاہے وہ خود کو شرابی مانے یا نہ۔

(عقیدۃ الموحدین: رسالہ الانتصار الحزب الموحدین:١٨)

شرک کا ارادہ نہ بھی ہو پھر بھی شرک شرک ہی ہے

محمد بن عبداللطیف بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ کہتے ہیں: جس نے غیر اللہ کو پکارا، مردہ، زندہ، غائب کو یا اس سے مصیبت میں فریاد کی تو وہ مشرک کافر ہے اگر چہ اس نے اپنے اس عمل سے اللہ کا قرب حاصل کرنے کا ارادہ کیا تھا۔ یا اللہ کے ہاں سفارش تلاش کرنے کی کوشش کی تھی۔ (الدرر السنیۃ: ١/ ٥٦٧)

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اس امت میں توحید کے مخالفین کی قسمیں ہیں یا تو طاغوت ہیں جو اللہ کی ربوبیت والوہیت میں مقابلہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اور لوگوں کو بت پرستی کی طرف دعوت دے رہے ہیں یا مشرک ہیں جو غیر اللہ کو پکار رہے ہیں اور عبادت کے مختلف طریقوں سے اس کا قرب حاصل کرنے کی کوشش کر رہے ہیں یا وہ لوگ ہیں جن کو توحید میں کوئی شک ہے کہ یہی انسان پر لازمی ہے یا اللہ کی عبادت میں شریک کرنا جائز ہے؟ یا وہ جاہل و لاعلم لوگ ہیں جو سمجھتے ہیں کہ شرک اللہ کے قرب حاصل کرنے کا ذریعہ ہے اکثر عوام اس طرح کے ہیں اس لیے کہ یا تو وہ جاہل ہیں

یا اپنے اسلاف کی تقلید کر رہے ہیں اس لیے کہ دین سے ناواقفیت زیادہ ہوگئی ہے اور انبیاء کرام علیہم السلام کا دین بھلا دیا گیا ہے۔(فتح المجید: ٣٧٠)

توحید اور شرک سے واقفیت ضروری ہے لاعلمی کوئی عذر نہیں

شیخ عبدالرحمٰن ابوبطین رحمہ اللہ کہتے ہیں: تعجب ہے کہ بعض لوگ ایسے بھی ہیں کہ جب ان کے سامنے کوئی شخص کلمہ کا معنی بیان کرتا ہے کہ اس کے معنی میں اگر اللہ کی وحدانیت کا اثبات ہے تو شرک کی نفی بھی ہے تو لوگ اس شخص کی باتوں پر اعتراض کرتے ہیں کہتے ہیں کہ ہمیں اس بات کا مکلف نہیں بنایا گیا ان لوگوں کو معلوم ہونا چاہیے کہ یہ اس توحید کی معلومات رکھنے کے پابند ہیں جس کے لیے انسانوں اور جنوں کو پیدا کیا گیا ہے تمام رسولوں کو بھیجا گیا ہے تا کہ اس توحید کی طرف لوگوں کو دعوت دیں اور شرک کی حقیقت بھی جان لیں جس کے مرتکب کی بخشش نہیں ہوگی اور نہ ہی اس سے لاعلمی کا عذر قبول کیا جائے گا۔ نہ ہی اس میں کسی کی تقلید جائز ہے اس لیے کہ یہی تو اسلام میں بنیادی چیز ہے۔

(عقیدۃ الموحدین رسالہ الانتصار الحزب الموحدین:١٦)

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جیسا کہ آپ جانتے ہیں کہ یہی وہ توحید ہے جو نماز روزہ سے بھی زیادہ فرض ہے اور قیامت میں اللہ ان کی بخشش کرے گا جو موحد بن کر آیا ہوگا اور جو توحید سے لاعلم ہوگا اس کی بخشش نہیں ہوگی اگر چہ وہ کتنا ہی عبادت گزار کیوں نہ ہو آپ یہ بھی جانتے ہیں کہ شرک ہی وہ عمل ہے جس کے مرتکب کو اللہ بخشتا نہیں۔ اللہ کے ہاں یہ قتل اور زنا سے بڑا گناہ ہے حالانکہ بعض لوگ اس کو اللہ کے قرب کا ذریعہ سمجھتے ہیں۔(الدرر السنیۃ: ٢٠/ ٧٧)

شیخ عبداللہ بن عبدالرحمٰن ابوبطین رحمہ اللہ کہتے ہیں: اللہ نے مخلوق پر اپنی اطاعت فرض کردی ہے اور اپنے رسول کی اطاعت کا انہیں حکم دیا ہے کہ وہ اپنے تنازعات میں کتاب وسنت کی طرف رجوع کریں علما کا اتفاق ہے کہ توحید اور رسالت میں تقلید جائز نہیں ہے۔(الدرر السنیۃ: ١٠/ ٣٩٩)

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: جب آپ کو یہ معلوم ہے کہ جب شرک عبادت کے ساتھ مل جائے تو عبادت کو فاسد کر دیتا ہے۔ عمل کو باطل کر دیتا ہے اور شرک کا مرتکب ہمیشہ کے لئے جہنمی بن جاتا ہے تو آپ کو یہ بھی معلوم کرنا چاہیے کہ آپ پر سب سے زیادہ اہم ذمہ داری یہ ہے کہ شرک کے بارے میں معلومات کریں تاکہ اللہ تعالیٰ آپ کو شرک کے اس شکنجے سے نجات دیدے۔

(الدرر السنیہ ۲/۲۲)

کفر بالطاغوت (کفر بالطاغوت کی اہمیت؟)

شیخ سلیمان بن سحمان رحمہ اللہ کہتے ہیں: اللہ نے واضح کر دیا ہے کہ عروۃ الوثقیٰ کو مضبوطی سے تھامنے کا مطلب ہے۔ کفر بالطاغوت آیت میں طاغوت کے انکار کو ایمان باللہ سے مقدم رکھا گیا ہے اس لیے بعض مرتبہ ایک شخص ایمان باللہ کا دعویٰ کرتا ہے مگر طاغوت کا انکار نہیں کرتا اس سے اجتناب نہیں کرتا اس طرح اس کا دعویٰ ایمان جھوٹا شمار ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ (النحل:۳۶)

''ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیجا کہ اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے اجتناب کرو''

اس آیت میں یہ بتلایا گیا ہے کہ تمام انبیاء کی بعثت کا مقصد تھا اپنی امت کو طاغوت سے بچانا اب جو شخص طاغوت سے نہیں بچتا وہ تمام انبیاء کی مخالفت کرتا ہے۔ (الدرر السنیہ: ۱۰/۵۰۲)

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اللہ کا ارشاد ہے:

فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ لَا انْفِصَامَ لَهَا (البقرہ:۲۵۶)

''جس نے طاغوت کا انکار کیا (کفر بالطاغوت کیا) اور اللہ پر ایمان لے آیا تو اس نے مضبوط کڑا تھام لیا جو کبھی ٹوٹتا نہیں''۔

یہ آیت اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ کوئی شخص اس وقت تک لا الہ الا اللہ کو تھامنے والا شمار نہ ہوگا جب تک وہ طاغوت کا انکار نہ کر دے یہی وہ مضبوط کڑا ہے جو ٹوٹتا نہیں جس نے یہ عقیدہ نہیں رکھا تو وہ مسلمان نہیں ہے اس لیے کہ اس نے لا الہ الا اللہ کو اپنایا ہی نہیں لہٰذا ہمیں غور کرنا چاہیے اور وہ عقیدہ اپنانا چاہیے جو ہمیں اللہ کے عذاب سے نجات دلائے یعنی لا الہ الا اللہ کا معنی مکمل طور پر تسلیم کر لے۔

(الدرر السنیہ: ۱۱/۲۶۳)

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اللہ کے علاوہ جتنے معبود اور طاغوت ہیں جب تک ان سے اجتناب نہ کیا جائے ان کا جب تک انکار نہ کیا جائے اس وقت تک کسی کا اسلام صحیح نہیں ہو سکتا۔

جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے: فَمَنْ يَكْفُرْ بِالطَّاغُوتِ وَيُؤْمِنْ بِاللَّهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقَىٰ (البقرہ:۲۵۶)

''جس نے طاغوت کا انکار کیا اور اللہ پر ایمان لے آیا اس نے مضبوط کڑا تھام لیا''۔

ظلم اکبر اور ظلم اصغر کا فرق واضح کرتے ہوئے شیخ رحمہ اللہ فرماتے ہیں: ایک ظلم وہ ہے جس کا اگر ارتکاب کیا جائے یا طاغوت کی مدح کی جائے یا ان کا دفاع کیا جائے تو اسلام سے خارج ہو جاتا ہے اگر چہ وہ نماز پڑھتا رہے اور روزے رکھتا رہے دوسرا ظلم وہ ہے جو اسلام سے خروج کا سبب نہیں بنتا بلکہ یا تو اس کے مرتکب کو قصاص کے لئے پیش کر دیا جائے گا یا اللہ اسے معاف کر دے گا۔ کتنا واضح فرق ہے دونوں قسموں میں؟ (الدرر السنیہ: ۱۰/۵۲،۵۵،۵۶)

شیخ سلیمان بن عبداللہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: لا الہ الا اللہ کا معنی ہے کہ اللہ کے علاوہ کسی کی عبادت نہ کی جائے اللہ کے علاوہ جس کی عبادت کی جاتی ہے اس کا انکار کیا جائے اس سے اور اس کی پوجا کرنے والوں سے بیزاری کا اعلان کیا جائے۔ (تیسیر العزیز الحمید: ۱۵۲)

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: لا الہ الا اللہ کے معنی کی وضاحت یہ ہے کہ صرف اس کو

زبان سے ادا کرنے سے کسی کا مال اور جان محفوظ نہیں ہوں گے جب تک اللہ کے علاوہ جس کی عبادت کی جاتی ہے ان کا انکار نہ کیا جائے اگر اس میں شک کیا تو مال وجان پھر بھی محفوظ نہیں۔ (کتاب التوحید)

طاغوت کا معنیٰ

شیخ عبداللہ بن عبدالرحمٰن ابو بطین رحمہ اللہ کہتے ہیں: لفظ **طاغوت** ہر اس چیز پر بولا جاتا ہے۔ جس کی اللہ کے علاوہ عبادت کی جاتی ہے اور ہر گمراہ کرنے والا جو باطل کی طرف دعوت دیتا ہو یا گمراہی اور باطل کی تعریف کرتا ہو اسی طرح **طاغوت** اسے بھی کہا جائے گا جسے **لوگ** اپنے فیصلوں کا اختیار دے دیں جس طرح کہ دورِ جاہلیت میں ہوتا تھا اور پھر وہ اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے خلاف فیصلہ کرتا ہو، کاہن، جادوگر، اور وہ مجاور جو مزارات کی طرف **لوگوں** کو بلاتے ہیں ان مزارات میں مدفون **لوگوں** کے بارے میں جھوٹے سچے واقعات اور کرامات سنا کر جاہلوں کو گمراہ کرتے ہیں۔ انہیں یہ باور کراتے ہیں کہ ان مزارات میں دفن **لوگ** حاجتیں اور مرادیں پوری کرنے کی طاقت رکھتے ہیں۔ ان سے جو مانگا جائے یہ دیتے ہیں۔ اس طرح **لوگوں** کو شرک اکبر میں مبتلا کرتے رہتے ہیں۔ یہ سب **طاغوت** ہیں اور ان کا سربراہ سب سے بڑا **طاغوت شیطان** ہے (مجموعۃ التوحید: ۱۲۸)

شیخ سلیمان بن عبداللہ رحمہ اللہ کہتے ہیں: مجاہد کا قول ہے کہ **طاغوت** انسان کی صورت میں شیطان ہوتا ہے جس کے پاس **لوگ** تنازعات کے فیصلے لیجاتے ہیں۔

ابن قیم رحمہ اللہ فرماتے ہیں: **طاغوت** ہر اس چیز کو کہتے ہیں جس کی وجہ سے بندہ اپنی حدود سے تجاوز کرے چاہے کسی کی اطاعت کر کے یا اتباع کر کے یا عبادت کر کے لہٰذا ہر قوم کا **طاغوت** وہ ہے جس کے پاس وہ اپنے تنازعات کے فیصلے لے جاتے ہیں اللہ و رسول کو چھوڑ کر یا اللہ کے علاوہ اسے پکارتے ہیں یا اس کی اتباع کرتے ہیں جبکہ اللہ کی طرف سے کوئی دلیل اس پر نہیں ہے۔ یا اس کی اطاعت کرتے ہیں یہ سب **طاغوت** ہیں دنیا کے جب آپ اس پر غور کریں گے اور **لوگوں** کی حالت پر نظر ڈالیں گے تو آپ دیکھ

لیں گے کہ اکثر **لوگ** اللہ کی عبادت کو چھوڑ کر **طاغوت** کی عبادت اختیار کر چکے ہیں۔ رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تابعداری چھوڑ کر **طاغوت** کی تابعداری کر رہے ہیں۔ (تیسیر العزیز الحمید: ۴۹، ۵۰)

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: **طاغوت** تو بہت سارے ہیں مگر ان کے سرغنہ پانچ ہیں

① **شیطان:** غیر اللہ کی عبادت کی طرف دعوت دینے والا۔

دلیل اللہ کا یہ فرمان ہے: **اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ** (یٰسین: ۶۰)

”اے بنی آدم کیا ہم نے تمہیں حکم نہیں دیا تھا کہ شیطان کی عبادت مت کرو وہ تمہارا کھلا دشمن ہے“

② **ظالم حکمران:** جو اللہ کے احکامات کو تبدیل کرتا ہے۔

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَحَاكَمُوْٓا اِلَى الطَّاغُوْتِ وَقَدْ اُمِرُوْٓا اَنْ يَّكْفُرُوْا بِهٖ وَيُرِيْدُ الشَّيْطٰنُ اَنْ يُّضِلَّهُمْ ضَلٰلًا بَعِيْدًا (النساء: ۶۰)

”کیا آپ نے ان **لوگوں** کو دیکھا ہے جن کا خیال ہے وہ ایمان لائے ہیں اس پر جو تیری طرف نازل ہوا ہے اور اس پر جو تجھ سے پہلے نازل ہوا ہے وہ چاہتے ہیں کہ فیصلے **طاغوت** کے پاس لیجائیں حالانکہ انہیں حکم دیا گیا ہے کہ وہ **طاغوت** کا انکار کریں شیطان چاہتا ہے کہ انہیں دور کی گمراہی میں مبتلا کر دے“

③ **جو اللہ کے نازل کردہ شریعت کے مطابق فیصلے نہیں کرتا:** (موجودہ زمانے کے مسلم حکمرانوں کا کفر و ارتداد واضح ہو جاتا ہے اس لیے کہ وہ اللہ کی شریعت کے مطابق فیصلے نہیں کرتے بلکہ مسلم ممالک میں انہوں نے انسانوں کے بنائے ہوئے قوانین رائج کر رکھے ہیں۔)

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ (المائدۃ:۴۴)

”جو اللہ کی نازل کردہ قانون کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہی لوگ کافر ہیں“۔

④ **جو شخص علم غیب کا دعویٰ کرتا ہے:**

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

عٰلِمُ الْغَيْبِ فَلَا يُظْهِرُ عَلٰى غَيْبِهٖٓ اَحَدًا O اِلَّا مَنِ ارْتَضٰى مِنْ رَّسُوْلٍ فَاِنَّهٗ يَسْلُكُ مِنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ رَصَدًا (الجن:۲۶–۲۷)

”(وہ اللہ) عالم الغیب ہے اپنے غیب پر کسی کو مطلع نہیں کرتا مگر اپنے رسولوں میں سے جسے چاہے پھر چلاتا ہے اس کے آگے پیچھے ایک نگران“۔

دوسری جگہ ارشاد ہے۔

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ وَلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ مُّبِيْنٍ

(الانعام:۵۹)

”اسی (اللہ) کے پاس ہیں غیب کی چابیاں انہیں صرف اللہ ہی جانتا ہے اور وہ جانتا ہے جو کچھ خشکی اور جو کچھ سمندر میں ہے۔ نہیں گرتا کوئی پتہ مگر وہ اسے جانتا ہے اور نہ ہی کوئی اناج کا دانہ زمین کے اندھیروں میں نہ تر یا خشک مگر واضح کتاب میں ہے“۔

⑤ **اللہ کے علاوہ جس کی عبادت کی جائے اور وہ اُس پر راضی ہو:**

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ اِنِّيْٓ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ جَهَنَّمَ كَذٰلِكَ نَجْزِي

الظّٰلِمِيْنَ (الانبیاء:۲۹)

”اور جس نے کہا کہ میں اللہ کے علاوہ معبود ہوں تو اس کو ہم جہنم کی سزا دیں گے ہم ظالموں کو اسی طرح سزا دیتے ہیں“۔

یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ انسان صرف اسی وقت مومن بن سکتا ہے جب وہ **طاغوت** کا انکار کردے۔(الدرر السنیۃ: ۱۰/۱۶۱،۱۶۳)

طاغوت کے انکار سے کیا مراد ہے؟

شیخ محمد بن **عبد الوہاب** رحمہ اللہ فرماتے ہیں: کفر **بالطاغوت** کا مطلب ہے کہ ہر اس چیز سے برأت کا اعلان کرنا جس کے بارے میں اللہ کے علاوہ کسی قسم کا عقیدہ رکھا جاتا ہو، چاہے وہ جن ہو، انسان ہو، درخت پتھر یا اور کوئی چیز ہو اور اس چیز کے کفر اور گمراہی کی گواہی دے اس سے **نفرت** کرے اگرچہ وہ باپ یا بھائی کیوں نہ ہوں، جو شخص یہ کہتا ہے کہ میں صرف اللہ کی **عبادت** کرتا ہوں مگر کسی مزار یا مجاور، پیر فقیر وغیرہ کو کچھ نہیں کہتا تو یہ شخص اپنے دعویٰ میں جھوٹا ہے اس کا اللہ پر ایمان نہیں ہے نہ ہی یہ **طاغوت** کا انکار کر رہا ہے۔(مجموعۃ الرسائل والمسائل النجدیۃ: ۴/۳۳،۳۴)

شیخ سلیمان بن سحمان رحمہ اللہ کہتے ہیں: **طاغوت** سے **اجتناب** کا معنی ہے اس سے دلی طور پر دشمنی **نفرت** رکھنا اور زبان سے اس کی برائی بیان کرنا اور اگر **طاقت** ہو تو ہاتھ سے اس **طاغوت** کو ختم کرنا جو شخص **طاغوت** سے **اجتناب** کا دعویٰ کرے مگر مذکورہ کام نہ کرے تو وہ اس دعویٰ میں سچا نہیں ہے۔

(الدرر السنیۃ: ۱۰/۵۰۲،۵۰۳)

محمد بن **عبد الوہاب** رحمہ اللہ کہتے ہیں: کفر **بالطاغوت** کا مطلب یہ ہے کہ غیر اللہ کی **عبادت** کو باطل سمجھا جائے اسے چھوڑ دیا جائے۔ اس سے **نفرت** کی جائے اس کے ماننے **والوں** کو کافر سمجھا جائے ان سے دشمنی کی جائے (افسوس کی **بات** ہے کہ موجودہ دور کے علماء **لوگوں** کو بتاتے نہیں کہ **طاغوت** کیا

ہے؟) اللہ پر ایمان کا معنی ہے کہ اکیلے اللہ کو معبود ماننا عبادت کی تمام اقسام اس کے لیے خاص کرنا ہر اس معبود سے ان صفات کی نفی کرنا جس کی عبادت اللہ کے سوا کی جاتی ہو۔ اللہ کے خاص بندوں سے محبت اور دوستی کی جائے۔

مشرکین سے نفرت اور دشمنی کی جائے یہی وہ ملت ابراہیم ہے جس سے اعراض کرنے والے کو اللہ نے بیوقوف قرار دیا ہے۔

قَدْ كَانَتْ لَكُمْ اُسْوَةٌ حَسَنَةٌ فِيْٓ اِبْرٰهِيْمَ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ ج اِذْ قَالُوْا لِقَوْمِهِمْ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ O كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ (الممتحنة:۴)

''تمہارے لئے بہترین نمونہ ابراہیم علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں میں جب انہوں نے اپنی قوم سے کہا کہ ہم بیزار ہیں تم سے اور جن کی تم اللہ کے علاوہ عبادت کرتے ہو۔ ہم تمہارے (اس عمل کا) انکار کرتے ہیں ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور نفرت ظاہر ہو چکی ہمیشہ کے لئے جب تک تم ایک اللہ پر ایمان نہ لے آؤ''۔

(الدرر السنیۃ: ۱۰/۱۶۱)

منکرات پر خاموشی اس پر رضامندی کی دلیل ہے

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ نے کہا ہے: کہ ہمارے شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں:

واقدی نے لکھا ہے کہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ جب العارض گئے تو دو سو فارس ان کے سامنے لائے گئے انہوں نے مجاعہ بن مرارہ کو تیرہ افراد سمیت پکڑ لیا جو کہ بنو حنیفہ میں سے تھے خالد رضی اللہ عنہ نے ان سے پوچھا کہ تم اپنے ساتھی مسیلمہ کذاب کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ انہوں نے کہا وہ اللہ کا رسول ہے۔ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے سب کی گردنیں کاٹ دیں صرف ساریہ بن عامر رہ گیا اس

نے کہا خالد اگر تم اہل یمامہ کی بہتری چاہتے ہو تو مجاعہ کو چھوڑ دو مجاعہ معزز آدمی تھا خالد رضی اللہ عنہ نے اس کو اور ساریہ کو زندہ چھوڑ دیا قتل نہیں کیا مگر دونوں کو قید کر لیا اور لوہے کے طوق انہیں پہنا دیئے گئے۔

پھر خالد رضی اللہ عنہ مجاعہ کو بلاتے اس سے پوچھتے کہ مسیلمہ کہاں ہے؟ مجاعہ کا خیال تھا کہ خالد مجھے بھی قتل کر دے گا تو اس نے خالد رضی اللہ عنہ سے کہا کہ میرا ابھی اسلام ہے یعنی میں بھی مسلمان ہوں میں نے کفر نہیں کیا خالد رضی اللہ عنہ نے کہا قتل اور رہائی کے درمیان ایک درجہ بھی ہے وہ ہے قید جب تک کہ اللہ ہمارے تمہارے معاملے کا کوئی فیصلہ نہیں کرتا (تم قید رہو گے) پھر مجاعہ کو اس کی بیوی ام متمم کے حوالے کر کے تاکید کی کہ قید کے دوران اس کا اچھی طرح خیال رکھو۔

مجاعہ سمجھا کہ خالد مجھے اس وقت تک قید رکھے گا جب تک میں مسیلمہ کا ٹھکانہ اور پتہ نہ بتا دوں اس نے خالد بن ولید رضی اللہ عنہ سے کہا کہ تم جانتے ہو کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آیا تھا ان کے ہاتھ پر میں نے بیعت کی تھی میں آج بھی اس بیعت پر قائم ہوں اگر ہماری قوم میں سے کسی جھوٹے نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے تو اللہ کا فرمان ہے کہ: ﴿ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ﴾ ''ایک کا گناہ کوئی دوسرا نہیں اٹھاتا'' (انعام:۱۶۴) خالد رضی اللہ عنہ نے کہا تم نے آج وہ مذہب چھوڑ دیا جس پر تم کل تھے۔ اس کذاب کے بارے میں تمہاری خاموشی اس بات کی دلیل ہے کہ تم اس کے عمل سے راضی ہو حالانکہ تم یمامہ کے معزز ترین لوگوں میں سے ہو تم اس جھوٹے نبی کا اقرار کرتے ہو اور اس کی شریعت پر راضی ہو کیا تم نے کوئی عذر پیش کیا ہے؟ کوئی بات ہم سے کی ہے؟ ثمامہ رضی اللہ عنہ نے اکیلے بات کر لی اور اس کذاب کا انکار کیا یشکری نے بات کی ہے اگر تم اپنی قوم سے ڈرتے تھے تو میرے پاس کیوں نہیں آئے یا میرے پاس کوئی پیغام کیوں نہیں بھیجا؟

اس واقعہ سے ثابت یہ کرنا ہے کہ خالد بن ولید رضی اللہ عنہ نے مجاعہ کی خاموشی کو مسیلمہ کذاب کی شریعت پر رضامند تصور کیا اقرار و تائید قرار دیا۔ ان لوگوں کے بارے میں کیا کہا جائے گا جو رضامندی

کا اظہار کرتے ہیں ساتھ دیتے ہیں مدد وتعاون کرتے ہیں مشرکین کے ساتھ طاغوت کے ساتھ بیٹھتے ہیں طاغوتوں کے اجلاسوں میں شریک ہوتے ہیں؟ (مجموعة الرسائل و المسائل النجدية: ٤/ ٢٩٢،٢٩٣)

مشرکین سے برأت اور ان کی تکفیر

اسلام اس وقت تک صحیح نہیں ہوتا جب تک اولیاء اللہ سے دوستی اور اللہ کے دشمنوں سے دشمنی نہ رکھی جائے شیخ محمد بن عبداللطیف بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

اللہ کا فرمان ہے۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ اِلَّا تَفْعَلُوْهُ تَكُنْ فِتْنَةٌ فِي الْاَرْضِ وَفَسَادٌ كَبِيْرٌ (الانفال: ٧٣)

''جو لوگ کافر ہیں وہ ایک دوسرے کے دوست اور حمایتی ہیں اگر تم ایسا نہ کرو تو فتنہ اور بہت بڑا فساد پھیل جائے گا''۔

علماء فرماتے ہیں فتنہ سے مراد شرک ہے اور فساد کبیر سے مراد مسلمانوں اور کافروں کا باہم میل جول رکھنا (اس کے بارے میں کیا خیال ہے جو کافروں کو جزیرہ عرب میں لے کر آیا ہے۔

جب کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ جزیرہ عرب میں دو دین جمع نہیں ہو سکتے جبکہ یہاں مجوسی اور بوذی، نصرانی، یہودی سب کو لایا جا رہا ہے ان کا استقبال کیا جاتا ہے ان غیر مذہب ماہرین کو لا کر بسایا جاتا ہے اس سے بڑا فساد اور کیا ہے اور حدیث کی کتنی واضح مخالفت ہے) اس طرح نافرمان کے ساتھ اللہ کے فرمانبردار کا ملاپ بھی فساد ہے اس سے اسلامی نظام میں خلل واقع ہوتا ہے اور توحید میں کمزوری و اضمحلال پیدا ہوتا ہے اس کے علاوہ بھی بے شمار خرابیاں پیدا ہوتی ہیں نہ اسلام صحیح طرح قائم رہتا ہے نہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کا فریضہ ادا کیا جا سکتا ہے نہ جہاد کا علم بلند کیا جا سکتا ہے یہ سب کچھ صرف اس صورت میں ہو سکتا ہے جب محبت بھی اللہ کے لیے ہو اور نفرت بھی، اللہ کے

دوستوں سے دوستی اور اس کے دشمنوں سے دشمنی رکھی جائے اس بارے میں بے شمار آیات واحادیث موجود ہیں مشہور ترین حدیث براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

((اوثق عرى الاسلام الحب في الله والبغض فيه))

''اسلام کا مضبوط ترین کڑا ہے اللہ کے لیے محبت اور اسی کی خاطر نفرت''

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔

((أفضل الايمان الحب في الله والبغض فيه))

''بہترین ایمان ہے اللہ کی خاطر محبت اور اس کی خاطر نفرت''

ایک اور مرفوع حدیث میں ہے۔

((اللهم لا تجعل لفاجر عندي يدًا ولا نعمة فيوده قلبي فاني وجدت فيما اوحي اليّ)) [لاتجد قوما يؤمنون بالله واليوم الآخر يوادون من حاد الله ورسوله] (المجادلة: ٢٢)

''اے اللہ کسی فاجر کا مجھ پر کوئی احسان نہ رکھ نہ ہی میرا مددگار بنا اور نہ میرا دل اس کو پسند کرنے لگے گا۔ میرے پاس جو وحی آئی ہے اس میں اللہ کا یہ فرمان ہے کہ اے محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تو نہیں پائے گا ایسی قوم کو جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہو اور پھر ان لوگوں سے دوستی رکھے جو اللہ ورسول سے دشمنی کرتے ہیں''

صحیحین میں ابن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

((المرء على دين خليله فلينظر احدكم من يخالل))

''آدمی اپنے دوست کے مذہب پر ہوتا ہے لہٰذا تم میں سے ہر ایک کو دیکھنا چاہیے کہ کس

سے دوستی کررہا ہے“

ابومسعود بدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

((لا تصاحب الا مؤمنا و لا یأکل طعامك الا تقی))

”دوستی صرف مومن کے ساتھ کرو اور تمہارا کھانا صرف پرہیزگار کھائے“

علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

((لایحب رجل قوماً الا حشر معهم))

”جو کوئی جس قوم سے محبت کرے گا انہی کے ساتھ قیامت کے دن اٹھایا جائے گا“

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔

اللہ کا قرب حاصل کرو گناہ گاروں سے نفرت کے ذریعے اور ان سے ملاقات کرو تو ترش روئی کے ساتھ کرو اللہ کی رضا ان کی ناراضگی کے ذریعے حاصل کرو اللہ کا قرب حاصل کرو ان سے دوری اختیار کر کے۔عیسیٰ علیہ السلام کا قول ہے کہ اللہ کی محبت حاصل کرو گناہ گاروں سے نفرت کر کے اور اللہ کا قرب حاصل کرو گناہ گاروں سے دوری اختیار کر کے اللہ کی رضامندی حاصل کرو گناہ گاروں کو ناراض کر کے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہتے ہیں جس نے اللہ کے لئے محبت کی اسی کی خاطر نفرت کی اللہ کے لئے دوستی کی اسی کے لئے دشمنی کی تو وہ اللہ کی دوستی حاصل کرلے گا۔جب تک کسی بندے میں یہ خوبیاں نہ ہوں وہ ایمان کی چاشنی حاصل نہیں کرسکتا اگر چہ وہ بہت زیادہ نمازیں پڑھے اور کثرت سے روزے رکھے یعنی جب تک اس کی نفرت دوستی و دشمنی صرف اللہ کی خاطر نہ ہو وہ ایمان کی مٹھاس نہیں پاسکتا فرماتے ہیں آج کل اکثر لوگوں کی دوستی کا معیار دنیاوی اغراض ہیں اور یہ اسے کسی قسم کا فائدہ نہیں دے سکتی۔ یہ بات ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اس وقت کہی تھی جب خیر القرون کا زمانہ تھا اس کے بعد تو اس میں مزید اضافہ ہی ہوتا رہا ہے بھلائیاں ختم ہوتی رہی ہیں۔

جیسا کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے۔

((لا یاتی علی الناس زمان الا والذی بعده شر منه))

”لوگوں پر جو بھی وقت آئے گا وہ پہلے والے کی بنسبت برا ہی ہوگا“

آج کل لوگوں کی دوستی، محبت، تعلقات کفر، شرک، نافرمانیوں کے ذریعے سے قائم ہیں، لہٰذا ہر مسلمان کو چاہیے کہ بہت زیادہ احتیاط سے کام لے اللہ کے دشمنوں سے میل جول نہ رکھے ان کے ساتھ اچھے تعلقات نہ رکھے نرمی کا برتاؤ نہ کرے نہ ہی ان کو اپنا راز داں بنائے نہ ان سے دوستی رکھے نہ ان سے خیر خواہی کی امید رکھے اس لیے کہ یہ اللہ کی ناراضگی اور غصے کا ذریعہ ہیں۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

لَا تَتَّخِذُوْا بِطَانَةً مِّنْ دُوْنِكُمْ (آل عمران:۱۱۸)

”اپنے (مسلمانوں) کے علاوہ کسی کو دوست مت بناؤ“۔

اس آیت کی تفسیر میں امام قرطبی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اللہ نے اپنے مومن بندوں کو منع کیا کفار اور یہود کی دوستی سے اور خواہشات کی پیروی کرنے والے بدعتیوں کو دوست بنانے یا ان سے کسی بھی قسم کا مشورہ کرنے سے یا اپنا کوئی معاملہ ان کے سپرد کرنے سے بھی منع کیا ہے ربیع رحمہ اللہ کہتے ہیں اس آیت میں اللہ نے اس بات سے منع کیا ہے کہ منافقین کو اپنے اندرونی معاملات میں مداخلت کی اجازت نہ دو اور مؤمنوں کے علاوہ ان منافقین سے دوستی بھی مت کرو یہ بھی کسی نے کہا ہے کہ جو شخص بھی تمہارے مذہب کے خلاف ہو اس سے دوستی یا اس کی طرف توجہ اور میلان اس کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا میل جول تمہارے لیے جائز نہیں ہے۔(الدرر السنیۃ:۸/۴۴۷، ۴۵۰)

شیخ عبداللہ بن محمد بن عبدالوہاب رحمہما اللہ فرماتے ہیں: کہ ابن قیم رحمہ اللہ کے اس قول پر ضرور غور کرنا چاہیے کہ ”شرک اکبر سے وہ شخص محفوظ رہ سکتا ہے جو مشرکین سے صرف اللہ کی خاطر دشمنی رکھتا ہو اسلام کو برقرار اور قائم رکھنے کے لیے ضروری ہے کہ شرک کرنے والوں سے دشمنی رکھی جائے جو شخص ان

سے دشمنی نہیں رکھتا وہ انہی میں سے ہے اگر چہ خود شرک نہ بھی کرتا ہو۔

(عقیدۃ الموحدین: الکمات النافعۃ فی المکفرات الواقعۃ: ۲۶۷)

کافر سے دشمنی؟

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ نواقض توحید سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے فرماتے ہیں: توحید کے نواقض میں سے دوسرا امر ہے اہل شرک کے لیے اپنے دل میں نفرت نہ رکھنا اور اللہ کے دشمنوں سے دوستی کرنا جیسا کہ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ

(النحل: ۱۰۶)

”مگر جس نے کفر کے لئے اپنا سینہ کھول دیا تو ان پر اللہ کی طرف سے غضب ہے اور ان کے لیے عذاب عظیم ہے“۔

وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِى الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ (النحل: ۱۰۷)

”اور اللہ کافر قوم کو ہدایت نہیں دیتا“

مشرک سے نفرت کرنا ضروری ہے جس نے ایسا نہیں کیا تو اس نے اپنی توحید کو باطل کر دیا اگر چہ خود شرک نہ کیا ہو۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

(المجادلۃ: ۲۲)

”آپ نہیں پائیں گے ایسی قوم جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان رکھتی ہو اور پھر وہ اللہ و رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے دشمنوں سے دوستی کریں؟“۔

شیخ الاسلام رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔ اللہ نے یہ بتایا ہے کہ کوئی مؤمن ایسا نہیں ملے گا جو کافر سے دوستی رکھتا ہو جس نے کافر سے دوستی رکھی وہ مؤمن نہیں ہے۔ کہتے ہیں کہ دوستی جیسا رویہ رکھنا بھی حرام ہے۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کا موقف

عماد بن کثیر رحمہ اللہ اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں کہ آیت ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے جب انہوں نے اپنے باپ کو بدر کی جنگ میں قتل کیا ﴿اَوْ اَبْنَآءَهُمْ﴾ اور صدیق رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے۔ جب انہوں نے اپنے بیٹے عبدالرحمٰن کے قتل کا ارادہ کیا ﴿ اَوْ اِخْوَانَهُمْ ﴾ اور مصعب بن عمیر رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے جب ان کا بھائی عبید بن عمیر قتل ہوا ﴿اَوْ عَشِيْرَتَهُمْ﴾ اور عمر رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے جب ان کا قریبی رشتہ دار قتل ہوا تھا بدر میں، حمزہ، علی اور عبیدہ بن الحارث رضی اللہ عنہم نے اس دن عتبہ، شیبہ اور ولید بن عتبہ کو قتل کر دیا تھا فرماتے ہیں کہ ﴿رضی اللہ عنھم و رضوا عنه﴾ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ ”یعنی اللہ ان صحابہ سے راضی ہے اور وہ اللہ سے راضی ہیں“ اس جملے میں اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ یہ لوگ اپنے رشتہ داروں کے قتل پر بھی غمزدہ نہ ہوئے تو اس کے بدلے میں اللہ نے ان کو اپنی رضامندی عنایت فرما دی ہے ان کے لیے ہمیشہ رہنے والی نعمتیں بڑی کامیابی اور اپنا فضل ان کو دے دیا ہے انہیں دنیا و آخرت کی کامیابی و کامرانی کی خوشخبری دی ہے یہ سب کچھ ان لوگوں کے بدلے میں دیا گیا ہے جو شیطان کے ساتھی تھے اور شیطان کے ساتھی ہمیشہ نقصان میں رہتے ہیں: اَلَآ اِنَّ حِزْبَ الشَّيْطٰنِ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ (مجادلۃ: ۱۹)

توحید کو باطل کر دینے والی تیسری چیز ہے مشرک سے دوستی، اس کی طرف جھکاؤ اس کے ساتھ کسی قسم کی مدد و اعانت، ہاتھ سے زبان سے یا مال سے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

فَلَا تَكُوْنَنَّ ظَهِيْرًا لِّلْكٰفِرِيْنَ (قصص: ۸۶)

”آپ ہرگز کافروں کے مددگار نہ بنیں“

دوسری جگہ ارشاد ہے۔

رَبِّ بِمَآ اَنۡعَمۡتَ عَلَیَّ فَلَنۡ اَکُوۡنَ ظَهِيۡرًا لِّلۡمُجۡرِمِيۡنَ (القصص:١٧)

''میرے رب تو نے مجھ پر انعام کیا ہے تو میں مجرموں کا مددگار کبھی نہیں بنوں گا''۔

اسی طرح ارشاد ہے۔

اِنَّمَا يَنۡهٰكُمُ اللّٰهُ عَنِ الَّذِيۡنَ قَاتَلُوۡكُمۡ فِى الدِّيۡنِ وَاَخۡرَجُوۡكُمۡ مِّنۡ دِيَارِكُمۡ وَظٰهَرُوۡا عَلٰٓى اِخۡرَاجِكُمۡ اَنۡ تَوَلَّوۡهُمۡ وَمَنۡ يَّتَوَلَّهُمۡ فَاُولٰٓـئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوۡنَ

(الممتحنة:٩)

''اللہ تمہیں منع کرتا ہے ان لوگوں سے جنہوں نے تمہیں تمہارے گھروں سے نکالا اور تمہیں نکالنے پر ایک دوسرے کی مدد کی (منع اس سے کرتا ہے) کہ ان سے دوستی مت کرو جس نے ان سے دوستی کی تو وہ ظالم ہے''۔

یہ اللہ کی طرف سے مؤمنین کو خطاب ہے اور اس امت کو ہے لہٰذا ہم میں سے ہر شخص کو دیکھنا چاہیے کہ ہم نے اس خطاب پر کہاں تک عمل کیا ہے۔ (مجموعة الرسائل المسائل النجدية: ٤/ ٢٩٠، ٢٩١)

اسلام میں داخل ہونے کے لیے مشرکین سے نفرت ودشمنی ضروری ہے

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: اگر کوئی شخص جس پر اللہ نے یہ احسان کیا ہے کہ اسے اسلام لانے کی توفیق دی ہے وہ یہ کہے کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں یہی حق ہے اس کے سوا جو کچھ ہے وہ میں نے چھوڑ دیا ہے مگر میں مشرکوں کی مخالفت میں کچھ نہیں کہوں گا ان پر کوئی اعتراض نہیں کروں گا تو ایسے شخص کو یہ خیال نہیں کرنا چاہیے کہ وہ اسلام میں داخل ہو چکا ہے بلکہ اسلام میں داخل ہونے کے لئے ضروری ہے کہ ان مشرکین سے نفرت کرے مشرکین سے محبت رکھنے والوں سے بھی نفرت کرے ان سے دشمنی رکھے ان کی مذمت کرتا رہے جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام اور ان کے ساتھیوں نے کہا تھا۔

قَدۡ كَانَتۡ لَـكُمۡ اُسۡوَةٌ حَسَنَةٌ فِىۡۤ اِبۡرٰهِيۡمَ وَالَّذِيۡنَ مَعَهٗ اِذۡ قَالُوۡا لِقَوۡمِهِمۡ اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنۡكُمۡ وَمِمَّا تَعۡبُدُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ O كَفَرۡنَا بِكُمۡ وَبَدَا بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكُمُ الۡعَدَاوَةُ وَالۡبَغۡضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤۡمِنُوۡا بِاللّٰهِ وَحۡدَهٗۤ (الممتحنة:٤)

''ہم تم اور تمہارے ان معبودوں سے بیزار و متنفر ہیں جن کی تم اللہ کے علاوہ عبادت کرتے ہو ہم تمہارے اس عمل کا انکار کرتے ہیں ہمارے اور تمہارے درمیان ہمیشہ کے لیے دشمنی اور نفرت ظاہر ہوگئی ہے جب تک کہ تم ایک اللہ پر ایمان نہ لے آؤ''۔

شیخ رحمہ اللہ نے اس شخص کو مسلمان شمار نہیں کیا ہے جو مشرکین کی مخالفت نہیں کرتا جب کہ ہمارے ہاں توحید سے انحراف شروع ہو چکا ہے۔ مسلمان نوجوان ان تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں جن کا نظامِ تعلیم اور نصابِ تعلیم مکمل طور پر گمراہ کن ہے وہ طواغیت کی مدح اور تعریف پر مبنی ہے مسلمان نوجوان ان ممالک میں تعلیم حاصل کرنے جاتے ہیں جو شرک کے مراکز اور توحید سے نابلد ہیں ایسے میں مشرکین سے نفرت وعداوت آج کے مسلمان نوجوان کیسے کر سکتے ہیں ان کے اساتذہ کافر لادین وزندیق ہیں ان کے سامنے یہ مسلمان طلبہ بیٹھتے ہیں ان سے خوش گپیاں کرتے ہیں ان سے نفرت کیسے کر سکتے ہیں اور یہ سب کچھ دنیاوی مفادات کے حصول کے لیے ہے جب کہ اللہ تعالیٰ نے ملتِ ابراہیم سے روگردانی کرنے والے کو بے وقوف قرار دیا ہے اور ابراہیم علیہ السلام کا مسلک ہے ''كَفَرۡنَا بِكُمۡ'' کہ ہم تمہارے ان اعمال کا انکار کرتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے۔

فَمَنۡ يَّكۡفُرۡ بِالطَّاغُوۡتِ وَيُؤۡمِنۡۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسۡتَمۡسَكَ بِالۡعُرۡوَةِ الۡوُثۡقٰى

(البقرة:٢٥٦)

''جس نے طاغوت کا انکار کیا اور اللہ پر ایمان لے آیا اس نے مضبوط کڑا تھام لیا''۔

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِیْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ (النحل:٣٦)

''ہم نے ہر امت میں ایک رسول بھیجا (وہ ان سے کہتا تھا) اللہ کی عبادت کرو اور طاغوت سے اجتناب کرو''۔

اگر کوئی شخص یہ کہے کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع کرتا ہوں اور انہیں حق سمجھتا ہوں مگر لات وعزی یا ابوجہل وغیرہ پر کوئی اعتراض نہیں کرتا مجھ پر ان کی مذمت کی ذمہ داری نہیں ہے۔تو ایسے شخص کا اسلام صحیح نہیں ہے (اب بھی اگر کوئی کہے کہ مجھ پر اس زمانے کے طاغوتوں کی مذمت لازم نہیں ہے تو اس کے اسلام کے بارے میں کیا کہا جائے گا؟)۔(الدرر السنیۃ:١٠٩/٢)

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں: کہ صحابہ رضی اللہ عنہم، تابعین رحمہم اللہ، ائمہ دین تمام اہل سنت اور گذشتہ وموجودہ علماء سب کا اس بات پر اجماع ہے کہ کوئی شخص صرف اس صورت میں مسلمان ہوسکتا ہے جب وہ شرک اکبر سے پاک ہو اس سے بیزار ہو شرک اکبر کے مرتکب سے بھی برأت ونفرت اور دشمنی رکھتا ہو اپنی استطاعت وطاقت کے مطابق عمل صرف اللہ کے لیے خالص کر کرتا ہوں۔

(الدرر السنیۃ:٥٤٥/١١)

شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ کے بیٹے حسین اور عبداللہ رحمہما اللہ فرماتے ہیں۔

گیارھواں مسئلہ: سوال یہ ہے کہ ایک شخص دین اسلام میں داخل ہوتا ہے اور اس کو پسند بھی کرتا ہے مگر مشرکوں سے دشمنی نہیں کرتا یا ان سے دشمنی تو رکھتا ہے مگر ان کو کافر نہیں سمجھتا یا کہتا ہے کہ میں مسلمان ہوں مگر میں ان لوگوں کو کافر نہیں کہہ سکتا جو لا الہ الا اللہ کہتے ہیں مگر اس کے معنی سے واقف نہیں ہیں۔دوسرا شخص ہے وہ بھی اسلام میں داخل ہوتا ہے اس کو پسند کرتا ہے لیکن کہتا ہے کہ میں مزارات کی مذمت نہیں کرتا اگرچہ جانتا ہوں کہ یہ نفع نقصان نہیں دے سکتے مگر میں انہیں کچھ نہیں کہتا؟

جواب: کوئی شخص اس وقت تک مسلمان نہیں ہوسکتا جب تک کہ وہ توحید کو اچھی طرح نہ سمجھ لے

اس کے تقاضوں پر عمل نہ کر لے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی تمام باتوں کی تصدیق نہ کر لے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے اوامر ونواہی پر عمل نہ کر لے آپ صلی اللہ علیہ وسلم پر اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت پر ایمان نہ لائے اب جو شخص کہتا ہے کہ میں مشرکین سے دشمنی نہیں کرسکتا یا ان سے دشمنی رکھتا ہے مگر انہیں کافر نہیں سمجھتا یا کہتا ہے کہ میں ان لوگوں کی مذمت نہیں کرتا جو لا الہ الا اللہ کہتے ہیں اگرچہ وہ کفر کرتے ہیں شرک کرتے ہیں اللہ کے دین سے دشمنی کرتے ہیں یا کہتا ہے کہ میں قبوں اور مزاروں کو بھی کچھ (برا) نہیں کہتا تو یہ شخص مسلمان نہیں ہے بلکہ یہ ان لوگوں میں سے ہے جن کے بارے میں اللہ کا ارشاد ہے۔

وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّ نَكْفُرُ بِبَعْضٍ وَّيُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ○ اُوْلٰٓئِكَ هُمُ الْكَافِرُوْنَ حَقًّا (النساء:١٥٠)

''کہتے ہیں کہ ہم کتاب کے کچھ حصے پر ایمان لاتے ہیں اور کچھ حصے کا انکار کرتے ہیں یہ چاہتے ہیں کہ درمیان کا کوئی راستہ اختیار کرلیں۔یہی لوگ حقیقی کافر ہیں''۔

اللہ تعالیٰ نے مشرکین سے دشمنی اور ترک تعلق انہیں کافر سمجھنا واجب قرار دیا ہے۔

لَا تَجِدُ قَوْمًا يُّؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ يُوَآدُّوْنَ مَنْ حَآدَّ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ

(المجادلۃ:٢٢)

''آپ نہیں پائیں گے ایسی قوم جو اللہ اور یوم آخرت پر ایمان لاتی ہو اور وہ اللہ ورسول (صلی اللہ علیہ وسلم) کے دشمنوں سے دوستی کرے''۔

دوسرے مقام پر ارشاد ہے۔

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوْا عَدُوِّیْ وَعَدُوَّكُمْ اَوْلِيَآءَ تُلْقُوْنَ اِلَيْهِمْ بِالْمَوَدَّةِ وَقَدْ كَفَرُوْا بِمَا جَآءَكُمْ مِّنَ الْحَقِّ يُخْرِجُوْنَ الرَّسُوْلَ وَاِيَّاكُمْ (الممتحنۃ:١)

”ایمان والو! میرے اور اپنے دشمن کو دوست مت بناؤ کہ ان سے محبت سے پیش آؤ ان لوگوں نے کفر کیا ہے اس حق کا جو تمہارے پاس آیا ہے یہ رسول (صلی اللہ علیہ وسلم) اور تم کو نکالتے ہیں“۔ (مجموعه الرسائل المسائل النجدية: ۱/۳۸،۳۹)

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں: اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

تَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يَتَوَلَّوْنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَبِئْسَ مَا قَدَّمَتْ لَهُمْ اَنْفُسُهُمْ اَنْ سَخِطَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَفِي الْعَذَابِ هُمْ خٰلِدُوْنَ O وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ (المائدہ: ۸۰،۸۱)

”تم دیکھو گے بہت سے ان میں کہ دوستی کرتے ہیں کافروں سے بہت برا ہے جو یہ لوگ اپنے نفسوں کے لئے آگے بھیجتے ہیں اللہ کی ناراضگی ہے ان پر عذاب میں یہ ہمیشہ رہیں گے اگر ان کا ایمان اللہ پر نبی پر اور اس پر نازل ہونے والی شریعت پر ہوتا تو یہ ان (کافروں کو) کبھی دوست نہ بناتے مگر ان میں سے اکثر فاسق ہیں“۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الْيَهُوْدَ وَالنَّصٰرٰۤى اَوْلِيَآءَ بَعْضُهُمْ اَوْلِيَآءُ بَعْضٍ O يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَنْ يَّرْتَدَّ مِنْكُمْ عَنْ دِيْنِهٖ فَسَوْفَ يَاْتِي اللّٰهُ بِقَوْمٍ يُّحِبُّهُمْ وَيُحِبُّوْنَهٗۤ اَذِلَّةٍ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ اَعِزَّةٍ عَلَى الْكَافِرِيْنَ يُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا يَخَافُوْنَ لَوْمَةَ لَآئِمٍ (المائدہ: ۵۱ اور ۵۴)

”ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو دوست مت بناؤ یہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں تم میں سے جس نے ان کے ساتھ دوستی کی تو اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔ (۵۱)

ایمان والو! تم میں سے جو بھی اپنے دین سے مرتد ہوا تو اللہ ایسی قوم لے آئے گا جو اس

سے محبت کرنے والی ہوگی اور اللہ ان سے محبت کرے گا ایمان والوں پر نرم اور کافروں کے لئے سخت ہوگی۔ اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والی کسی کی ملامت کی پرواہ نہ کرنے والی“

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔

بَشِّرِ الْمُنٰفِقِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا O الَّذِيْنَ يَتَّخِذُوْنَ الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ (النساء: ۱۳۸،۱۳۹)

”منافقوں کو خبر دے دو کہ ان کے لئے دردناک عذاب ہے جو مومنوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست بناتے ہیں“۔

ایک اور مقام پر ارشاد باری تعالیٰ ہے۔

مَنْ كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْ بَعْدِ اِيْمَانِهٖۤ اِلَّا مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّ بِالْاِيْمَانِ وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ O ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ وَاَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ

(النحل: ۱۰۶،۱۰۷)

”جس نے ایمان لانے کے بعد کفر کیا سوائے اس کے کہ جسے مجبور کیا گیا ہو۔ جبکہ اس کا دل ایمان پر مطمئن تھا۔ البتہ جس نے شرح صدر کے ساتھ کفر کیا تو ان پر اللہ کا غضب ہے اور ان کے لئے بہت بڑا عذاب ہے اس لیے کہ انہوں نے دنیاوی زندگی کو آخرت کے بدلے میں پسند کر لیا اور اللہ کافر قوم کو ہدایت نہیں کرتا“۔

یہ ہے اللہ کا حکم اس طرح کے لوگوں کے بارے میں اپنی کتاب میں متعدد بار انہیں مرتد قرار دیا ہے۔ (الدرر السنية: ۸/۲۸۸،۲۸۹)

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں: (دین حنیف پر قائم) حنفاء وہ اہل توحید ہیں جو ان

مشرکین سے علیحدہ رہتے ہیں اس لیے کہ اللہ نے اہل توحید پر مشرکین سے دور رہنا اور انہیں کافر سمجھنا ان سے برأت کا اعلان کرنا لازم قرار دیا ہے۔

جیسا کہ ابراہیم علیہ السلام کا قول اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ذکر کیا ہے اس نے کہا تھا۔

وَاَعْتَزِلُكُمْ وَمَا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَاَدْعُوْا رَبِّيْ عَسٰٓى اَلَّآ اَكُوْنَ بِدُعَآءِ رَبِّيْ شَقِيًّاO فَلَمَّا اعْتَزَلَهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (مریم:۴۸،۴۹)

”میں تم سے اور اللہ کے علاوہ جنہیں تم پکارتے ہو ان سے علیحدہ ہوتا ہوں اور اپنے رب کو پکارتا ہوں مجھے امید ہے کہ میں اپنے رب کو پکارنے سے بدقسمت نہیں بنوں گا۔ جب وہ ان سے اور ان کے معبودوں سے علیحدہ ہوگئے“۔

ابراہیم علیہ السلام نے اپنی قوم سے یہ بھی کہا تھا۔

اِنَّا بُرَءٰٓؤُا مِنْكُمْ وَمِمَّا تَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ O كَفَرْنَا بِكُمْ وَبَدَا بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمُ الْعَدَاوَةُ وَالْبَغْضَآءُ اَبَدًا حَتّٰى تُؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ وَحْدَهٗٓ (الممتحنة:۴)

”ہم بیزار ہیں تم سے اور اللہ کے علاوہ تمہارے دیگر معبودوں سے ہمارے اور تمہارے درمیان دشمنی اور نفرت ظاہر ہوگئی ہے ہمیشہ کے لئے جب تک کہ تم ایک اللہ پر ایمان نہ لے آؤ“۔

اصحاب کہف کا قول اس طرح مذکور ہے (آپس میں ایک دوسرے سے انہوں نے کہا)

وَاِذِ اعْتَزَلْتُمُوْهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ اِلَّا اللّٰهَ فَاْوٗٓا اِلَى الْكَهْفِ (الکهف:۱۶)

”جب تم ان (مشرکین) سے الگ ہوجاؤ تو غار میں پناہ لے لو“۔

ان سب دلائل سے معلوم ہوتا ہے کہ اہل توحید کی توحید صرف اس وقت مکمل ہوتی ہے جب وہ مشرکوں سے علیحدہ رہیں، ان سے دشمنی رکھیں انہیں کافر سمجھیں جس طرح کہ ابراہیم علیہ السلام نے کیا

تھا۔ (الدرر السنیة: ۱۱/۴۳۴)

علمائے نجد رحمہم اللہ میں سے بعض علماء نے تین امور ذکر کیے ہیں کہ کسی شخص میں اگر یہ پائے جائیں تو اس کا مال وخون جائز ہے اس کے خلاف جہاد کیا جاسکتا ہے اس لیے کہ یہ تینوں امور نواقض اسلام ہیں ان میں سے۔

❶ مشرکین کو کافر نہ سمجھنا۔

❷ یا ان کے کفر میں شک کرنا۔

جس شخص میں یہ دو صفتیں پائی جائیں گی اسے کافر سمجھا جائے گا اس کا مال اور خون حلال ہے اس کا قتل واجب ہے جب تک کہ وہ مشرکین کو کافر نہ سمجھے۔ جو شخص مشرکین کو کافر نہیں سمجھتا تو وہ قرآن کی تصدیق کرنے والا نہیں ہے اس لیے کہ قرآن نے مشرکین کو کافر کہا ہے اور ان کو کافر سمجھنے کا حکم دیا ہے ان سے دشمنی کرنے ان سے قتال کا حکم دیا ہے۔ (الدرر السنیة: ۹/۲۹۱)

کہ کلمۂ توحید کے اقرار کے باوجود اس کی مخالفت کرنے والوں کے بارے میں شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں۔

کچھ لوگ ایسے ہیں کہ جو ایک اللہ کی عبادت کرتے ہیں مگر شرک پر اعتراض نہیں کرتے اسے برا نہیں سمجھتے مشرکین سے دشمنی نہیں رکھتے کچھ ایسے ہیں کہ توحید پر عمل کرتے ہیں مگر اس کی قدر نہیں جانتے۔ توحید کو چھوڑنے والوں سے نفرت نہیں کرتے نہ انہیں کافر سمجھتے ہیں کچھ ایسے بھی ہیں جو مشرکین سے دشمنی رکھتے ہیں مگر انہیں کافر نہیں سمجھتے ان میں سے کچھ ایسے ہیں ان سب میں زیادہ خطرناک ان لوگوں کا طرز عمل ہے جو توحید پر عمل تو کرتے ہیں مگر توحید کی قدر نہیں جانتے توحید کے تارک سے نفرت نہیں کرتے نہ ہی انہیں کافر سمجھتے ہیں کچھ ایسے بھی ہیں جنہوں نے شرک کو چھوڑ دیا اس سے نفرت کی مگر اس کی حقیقت نہیں جانی اہل شرک سے دشمنی نہیں کی انہیں کافر نہیں سمجھا یہ لوگ انبیاء کی لائی ہوئی

شریعتوں کی مخالفت کرنے والے ہیں۔ (الدرر السنیہ: ۲/۲۲)

امام ابن عقیل رحمہ اللہ کہتے ہیں: اگر تم اس دور کے مسلمانوں کو پہچاننا چاہتے ہو تو مساجد کے دروازوں کی بھیڑ مت دیکھو نہ ہی لبیک لبیک کی پکار کو دیکھو بلکہ یہ دیکھو کہ یہ اسلام دشمنوں کے مقابلے پر کتنے متحد ہیں؟ (الدرر السنیہ: ۸/۲۹۹،۳۰۰)

تکفیر اور اس کے احکام

کلمہ شہادت کا اقرار کب کسی کو تکفیر سے بچاتا ہے

شیخ عبداللطیف بن عبدالرحمٰن رحمہ اللہ کہتے ہیں: موجودہ دور میں بہت سے مشرکین کو یہ غلط فہمی ہے کہ جس نے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہنے والے کو کافر کہہ دیا وہ خوارج میں شمار ہوگا موجودہ دور میں مرجئہ اس غلط فہمی کا شکار ہیں جب کوئی اہل توحید کفریہ عمل پر کسی کو کافر قرار دیتا ہے تو یہ لوگ فوراً اس موحد کو خارجی کہنے لگتے ہیں حالانکہ شہادتین کو زبان سے ادا کرنا صرف اس شخص کو تکفیر سے بچا سکتا ہے جو اس کا معنی جانتا ہو اس کے تقاضوں کے مطابق عمل کرتا ہو عبادت خالصتاً اللہ اکیلے کے لئے کرتا ہو اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ کرتا ہو تو تب اس کلمے کا اقرار فائدہ دیتا ہے۔ (الدرر السنیہ: ۱۲/۲۶۲)

ظاہر پر حکم لگانا

شیخ عبداللطیف بن عبدالرحمٰن کہتے ہیں: اہل علم اور اہل ایمان کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جس نے کفریہ قول زبان سے ادا کیا یا ایسا عمل کر لیا جو کفر یا شرک یا فسق کا تقاضا کرنے والا ہو تو اس شخص پر اس طرح کا حکم لگایا جائے گا اگرچہ وہ شہادتین کا اقرار کرنے والا ہو اور کچھ اس کے ارکان بھی بجا لاتا ہو البتہ اسے اصلی کافر نہیں کہا جائے گا اس لیے کہ وہ شہادتین کا اقرار کر رہا ہے اور اس کے تقاضوں کی مخالفت نہیں کر رہا اور نواقض میں سے کوئی کام بھی نہیں کر رہا یہ ایسی بات ہے جو کم سے کم علم رکھنے والا بھی جانتا

ہے ہر مذہب کی مختصر کتابچوں اور ابتدائی کتابوں تک میں یہ باتیں موجود ہوتی ہیں۔

(مجموعۃ الرسائل و المسائل ۲/۲۲۵)

موحدین پر تکفیر کی تہمت

شیخ عبدالرحمٰن بن حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں: ان مشرکین میں سے ایسے بھی لوگ ہیں جو اہل توحید کو کافر قرار دیتے ہیں اس لیے کہ یہ اہل توحید خالص توحید کو مانتے ہیں اور مشرکین کی مذمت کرتے ہیں۔ اس لیے لوگ ان کو کہتے ہیں کہ تم خوارج ہو بدعتی ہو جیسا کہ ابن قیم رحمہ اللہ نے اپنے زمانے کی حالت ذکر کی ہے کہتے ہیں "مجھے خوارج کے ساتھ کیوں مشابہ قرار دیتے ہو وہ تو صرف گناہ پر ہی کافر کہہ دیتے ہیں اس لیے کہ انہوں نے دلائل کو سمجھا نہیں ہے جبکہ ہمارے مخالفین ہمیں ان باتوں پر کافر قرار دیتے ہیں جو توحید اور ایمان کا مقصود اصلی ہے۔ اب بھی لوگوں نے یہی راستہ اختیار کر رکھا ہے جب ہم کہتے ہیں صرف ایک اللہ کی عبادت کی جائے گی صرف اس اکیلے ہی کو پکارا جائے گا صرف اس سے امید رکھی جائے اور اس پر توکل کیا جائے اسی طرح دیگر عبادات بھی صرف اللہ کے لئے مختص کی جائیں اور جس نے ان میں سے کوئی عبادت غیر اللہ کے لئے کی وہ کافر ہے مشرک ہے تو لوگ ہمیں کہتے ہیں کہ تم بدعتی ہو امت محمدیہ کو کافر قرار دیتے ہو تم خوارج ہو۔ (الدرر السنیہ: ۱۱/۴۴۸،۴۴۹)

ارتداد (مرتد ہوجانا)

ارتداد کی تعریف اور اس کی چند صورتیں؟

امام محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مرتد وہ ہے جو اسلام لانے کے بعد کفر کرتا ہے چاہے زبان سے کہے یا شک کر کے یا اعتقادی یا فعلی چاہے سوچ سمجھ کر کرے یا مذاق میں کرے۔

اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

أَبِاللّٰهِ وَ اٰيٰتِهٖ وَرَسُوْلِهٖ كُنْتُمْ تَسْتَهْزِءُوْنَ (التوبة:٦٥)

”کیا اللہ کے ساتھ اس کی آیات اور اس کے رسول کے ساتھ تم مذاق کرتے ہو؟“۔

☆ جس نے اسلام لانے کے بعد اللہ کے ساتھ شرک کیا وہ کافر ہو گیا۔

☆ اگر حق کو ناپسند کرے تو کافر ہے۔

☆ اللہ کی ربوبیت یا وحدانیت کا منکر ہے تو کافر ہے۔

☆ اللہ کی کسی صفت کا انکار کرتا ہے تو کافر ہے۔

☆ یا نبوت کا دعویٰ کرتا ہے تو کافر ہے۔

☆ یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد نبوت کا دعویٰ کرنے والے کو نبی مانتا ہے تو کافر ہے۔

☆ اللہ یا اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا مذاق اڑاتا ہے تو کافر ہے۔

☆ یا اس چیز کا مذاق اڑاتا ہے جس میں اللہ کا ذکر ہو تو کافر ہے۔

☆ رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے نفرت کرنے والا کافر ہے۔

☆ یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی متفقہ شریعت سے نفرت کرتا ہے تو کافر ہے۔

☆ اللہ اور اپنے درمیان وسیلے اور واسطے مانتا ہے اور ان واسطوں پر بھروسہ کرتا ہے انہیں پکارتا ہے ان سے سوال کرتا ہے تو بالاجماع کافر ہے اس لیے کہ عمل بت پرستوں کے عمل کی طرح ہے جو کہتے تھے۔

مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَا اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى (الزمر:٣)

”ہم انہیں صرف اس لیے پکارتے ہیں تاکہ یہ ہمیں اللہ کے قریب کر دیں“۔

☆ یا کسی بت کو، سورج کو، چاند کو سجدہ کیا تو کافر ہے۔

☆ یا اللہ کے نازل کردہ دین وشریعت کے ساتھ قولی یا فعلی مذاق کیا۔ یا قرآن کی توہین کی یا

اسلام کی مذمت کی تو کافر ہے۔

☆ اس لیے کہ اللہ کے ہاں دین صرف اسلام ہی ہے۔ یا جادو کیا یا کسی نجومی کے پاس گیا اور اس کی بات کی تصدیق کی یا قیامت میں اٹھائے جانے کی تکذیب کی تو کافر ہے۔

☆ یا ایسی کوئی بات کہہ دی جو اسلام سے خارج کر دینے والی ہو جیسا کہ کوئی کہے میں یہودی ہوں یا کہے کہ میں نصرانی ہوں، مجوسی ہوں یا کہے کہ میں اسلام یا قرآن سے بیزار ہوں یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے بیزار ہوں یا صلیب کی پوجا کرے یہ فرقے بہت زیادہ ہو گئے ہیں انہوں نے بہت سے موحدین کے عقائد خراب کر دیئے اللہ سے دعا ہے کہ ہمیں ان سے محفوظ رکھے جو مسلمان اللہ ورسول صلی اللہ علیہ وسلم کے اوامر کی اتباع کرنا چاہتا ہے اسے چاہیے کہ وہ علماء کے ان اقوال پر غور کرے کہ انہوں نے ان مسائل پر اجماع نقل کیا ہے ان لوگوں کے بارے میں جو کلمہ شہادت کا اقرار کرتے ہیں نمازیں پڑھتے ہیں روزے رکھتے ہیں عبادت گذار ہیں مگر وہ اولیاء سے متعلق غلط عقائد رکھتے ہیں کچھ لوگ عبدالقادر جیلانی اور کچھ معروف کرخی وغیرہ کے بارے میں غلط عقائد کے قائل ہیں ان سے تعلق رکھتے ہیں یا خود کو ان کے مرید کہتے ہیں۔ ان کا عقیدہ ہے کہ ان اولیاء کا اللہ کے ہاں خاص مقام ومرتبہ ہے غور کریں کہ علماء نے ان لوگوں کے خلاف اجماع نقل کیا ہے کہ جس نے بھی اس طرح کا کام کیا وہ کافر ہے اگر چہ خود کو صوفی وغیرہ کہتا رہے۔

علماء سے ہم اس قسم کے فتوی کی امید رکھتے ہیں اگر رافضی ابوبکر عمر رضی اللہ عنہما کو برا بھلا کہتے ہیں تو امام احمد بن حنبل ان کی تکفیر میں توقف کرتے ہیں اور اگر یہ لوگ علی رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں عقائد رکھتے ہیں تو انہیں کافر کہتے ہیں اگر چہ وہ لا الہ الا اللہ کی گواہی دیتا ہو کیا یہ فتوے صرف ان لوگوں کے لئے تھے جو گزر گئے؟ کیا صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین نے اہل اسلام کو کافر قرار دیا تھا؟

جولوگ علی رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں غلط عقائد رکھتے ہیں کیا وہ لا الہ الا اللہ کا اقرار نہیں کرتے؟

اللہ اس شخص پر رحم کرے جو اپنی خیر خواہی چاہتا ہے دین کی مدد کرتا ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت کرتا ہے اور اس بارے میں کسی قسم کی ملامت کی پرواہ نہیں کرتا۔ (الدرر السنیۃ: ۱۰/۸۸، ۹۰)

شیخ عبداللطیف بن عبدالرحمن رحمہ اللہ کہتے ہیں: شیخ الاسلام رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص تاتاریوں کی فوجی چھاؤنی میں گیا ان سے ملا تو وہ مرتد ہوگیا اس کا مال اور خون حلال ہے۔ (الدرر السنیۃ: ۸/۳۳۸)

(اگر اس جانے آنے سے انکی رضامندی مقصود تھی، دوستی مقصود تھی، تو بے شک کفر ہے)

اگر مرتد اسی حالت میں مرگیا تو بالاجماع اس کے اعمال برباد ہیں

شیخ عبدالرحمن بن حسن رحمہ اللہ کہتے ہیں: فقہاء نے مرتد کے بارے میں لکھا ہے کہ آدمی کسی قول یا عمل

وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

(البقرۃ: ۲۱۳)

''اور نازل کی ہے ان کے ساتھ کتاب حق کے ساتھ تاکہ وہ فیصلہ کریں لوگوں کے درمیان ان مسائل وامور میں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں''۔

دوسرے مقام پر ارشاد ہے۔

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ

(النساء: ۱۰۴)

''ہم نے کتاب حق کے ساتھ نازل کی ہے تاکہ تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو اس (بصیرت کے ساتھ) جو اللہ نے آپ کو دکھلادی ہے''۔

اللہ کے باغیوں سے دشمنی کیوں اور کیسے؟ 61

جولوگ علی رضی اللہ عنہ اور حسین رضی اللہ عنہ کے بارے میں غلط عقائد رکھتے ہیں کیا وہ لا الہ الا اللہ کا اقرار نہیں کرتے؟

اللہ اس شخص پر رحم کرے جو اپنی خیر خواہی چاہتا ہے دین کی مدد کرتا ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نصرت کرتا ہے اور اس بارے میں کسی قسم کی ملامت کی پرواہ نہیں کرتا۔ (الدرر السنیۃ: ۱۰/۸۸، ۹۰)

شیخ عبداللطیف بن عبدالرحمن رحمہ اللہ کہتے ہیں: شیخ الاسلام رحمہ اللہ فرماتے ہیں جو شخص تاتاریوں کی فوجی چھاؤنی میں گیا ان سے ملا تو وہ مرتد ہوگیا اس کا مال اور خون حلال ہے۔ (الدرر السنیۃ: ۸/۳۳۸)

(اگر اس جانے آنے سے انکی رضامندی مقصود تھی، دوستی مقصود تھی، تو بے شک کفر ہے)

اگر مرتد اسی حالت میں مرگیا تو بالاجماع اس کے اعمال برباد ہیں

اللہ کے باغیوں سے دشمنی کیوں اور کیسے؟ 62

وَاَنْزَلَ مَعَهُمُ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِيَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ فِيْمَا اخْتَلَفُوْا فِيْهِ

(البقرۃ: ۲۱۳)

''اور نازل کی ہے ان کے ساتھ کتاب حق کے ساتھ تاکہ وہ فیصلہ کریں لوگوں کے درمیان ان مسائل وامور میں جن میں وہ اختلاف کرتے ہیں''۔

دوسرے مقام پر ارشاد ہے۔

اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ

(النساء: ۱۰۴)

''ہم نے کتاب حق کے ساتھ نازل کی ہے تاکہ تم لوگوں کے درمیان فیصلہ کرو اس (بصیرت کے ساتھ) جو اللہ نے آپ کو دکھلادی ہے''۔

وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗ اِلَى اللّٰهِ (الشوریٰ:۱۰)

"تم جس بات میں بھی اختلاف کرو اس کا فیصلہ اللہ کی طرف لے جانا ہے"۔

جو لوگ اللہ کی شریعت کو چھوڑ کر دوسرے طریقوں کے مطابق فیصلے کرتے ہیں اللہ نے انہیں ظالم ، فاسق کافر کہا ہے۔

❶ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ (المائدہ:۴۴)

"جو اللہ کے نازل کردہ (قانون) کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہ کافر ہیں"۔

❷ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (المائدہ:۴۵)

"جو اللہ کی نازل کردہ (قانون) کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہ ظالم ہیں"۔

❸ وَمَنْ لَّمْ يَحْكُمْ بِمَا اَنْزَلَ اللّٰهُ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ (المائدہ:۴۷)

"جو لوگ اللہ کے نازل کردہ (قانون) کے مطابق فیصلے نہیں کرتے وہ فاسق ہیں"۔

بعض صورتوں میں انسان اگر اللہ کے دین وشریعت کے مطابق فیصلے نہ کرے تو وہ کافر ہو جاتا ہے ملت اسلامیہ سے خارج ہو جاتا ہے۔ان میں سے چند صورتوں کا یہاں تذکرہ کر رہے ہیں۔

① جس نے اللہ کے نازل کردہ دین وشریعت کے علاوہ کوئی اور شریعت بنالی حالانکہ یہ ثابت ہو چکا ہے کہ اللہ کو شریعت سازی میں اکیلا ماننا واجب ہے۔

اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَ الْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ (اعراف:۵۴)

"یاد رکھو کہ اللہ ہی کا کام ہے پیدا کرنا اور حکم کرنا بابرکت ہے اللہ جو کہ رب العالمین ہے"۔

وہی ایک اللہ ہے جو اکیلا شریعت ساز ہے حلال حرام کرنے کا اختیار رکھتا ہے لہذا دین ۔نظام قانون وہی ہوگا جو اللہ نے دیا ہو کسی اور کو اختیار نہیں کہ وہ کسی قسم کی شریعت سازی کرے۔شریعت بنانا

صرف ایک اکیلے اللہ کا حق ہے جس نے اللہ سے یہ حق چھیننے کی کوشش کی وہ کافر مشرک ہے۔

اس لیے اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے۔

اَمْ لَهُمْ شُرَكٰٓؤُا شَرَعُوْا لَهُمْ مِّنَ الدِّيْنِ مَا لَمْ يَاْذَنْ بِهِ اللّٰهُ (الشوریٰ:۲۱)

"کیا ان کے ایسے شرکاء ہیں جو ان کے لئے شریعت بناتے ہیں (جبکہ) اللہ نے اس کی اجازت نہیں دی ہے"۔

دوسری جگہ ارشاد ہے۔

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَالْمَسِيْحَ ابْنَ مَرْيَمَ وَمَآ اُمِرُوْٓا اِلَّا لِيَعْبُدُوْٓا اِلٰهًا وَّاحِدًا لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ سُبْحٰنَهٗ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ (التوبۃ:۳۱)

"انہوں نے اپنے علماء اور درویشوں کو اللہ کے علاوہ رب بنالیا اور عیسیٰ بن مریم کو بھی حالانکہ انہیں حکم دیا گیا تھا کہ صرف ایک معبود (اللہ) کی عبادت کریں اس کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے وہ پاک ہے اس سے جو یہ شریک کرتے ہیں"۔

اس آیت میں جن احبار و رہبان کا ذکر ہے یہ لوگوں کے لئے شریعت بناتے تھے اللہ کی شریعت کے علاوہ لہذا یہ کافر تھے ان کے کفر میں کسی قسم کا شک نہیں اس لیے انہوں نے اللہ سے اس کے حق ربوبیت کو چھیننے اور اس کے دین وشریعت کو بدلنے کی کوشش کی ۔(انظر الشریعہ الالھیہ:۱۷۹،۱۸۲)

جب اللہ کے دین وشریعت کے علاوہ کوئی شریعت بنانے والوں کی تابعداری کرنا شرک ہے اور اللہ نے ان متبعین کو مشرک کہا۔

وَاِنْ اَطَعْتُمُوْهُمْ اِنَّكُمْ لَمُشْرِكُوْنَ (العام:۱۲۱)

"اگر تم نے ان کی اطاعت کرلی تو تم مشرک ہو گئے"

(تفسیر ابن کثیر:۱۶۳/۲۔فتاوی ابن تیمیہ: ۷/ ۷۰۔أضواء البیان للشنقیطی:۳/ ۴۴۰)

تو پھر خود ان شریعت بنانے والوں کو کیا کہا جائے گا؟ طاغوت چاہے قدیم زمانے کے ہوں یا موجودہ دور کے سب نے اللہ کے حق امر و نہی اور شریعت سازی کو چھیننے کی کوشش کی ہے اور اللہ کی طرف سے ان کو ایسی کوئی دلیل بھی نہیں جس کی بنا پر یہ اپنے لیے حق امر، نہی و شریعت سازی ثابت کر سکیں۔ احبار و رہبان نے اپنے بارے میں دعویٰ کیا (کہ اس کا حق ہمیں حاصل ہے) انہوں نے کچھ چیزیں حلال کچھ حرام کر دیں اس طرح اللہ کے بندوں پر تسلط حاصل کر لیا اور خود اللہ کے برابر بن گئے۔ ان کے بعد بادشاہوں نے خود کو اس کا حق دار سمجھا اور احبار و رہبان اور اپنے درمیان اس حق کو تقسیم کر دیا (دونوں **طبقات** مل کر شریعت بناتے رہے اور عوام کو اپنا غلام بھی بنائے رکھا) پھر ان کے بعد **لادین لوگوں** کا طبقہ آیا جس نے دونوں گروہوں سے یہ حق چھین کر عوام کے ہاتھ میں دے دیا اور جن کے ہاتھ میں یہ حق دیا ان کے اجتماع کو اسمبلی یا پارلیمنٹ کا نام دے دیا۔

② (دوسری **صورت** اسلام سے خارج کرنے والی یہ ہے کہ) اللہ کے دین و شریعت کے علاوہ دوسرے **قانون** کے مطابق فیصلہ کرنے والا اللہ کی شریعت کے زیادہ حق دار ہونے کا انکار کر دے (یعنی وہ یہ کہے کہ اللہ کی شریعت اس **بات** کے زیادہ لائق و حق دار نہیں کہ اس کے مطابق ہی فیصلہ کیا جائے) ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے ابن جریر رحمہ اللہ نے اسی کو اختیار کیا کہ یہ **عمل** دراصل اللہ کی شریعت کا انکار ہے اس **بات** پر اہل علم کا اتفاق ہے اور ان کے ہاں متفقہ اصول کا درجہ رکھتا ہے کہ جس نے اسلام کے اصولوں میں سے کسی اصول کا انکار کر دیا یا کسی متفقہ فرع کا انکار یا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی لائی ہوئی شریعت میں سے کسی حصے کا انکار کیا تو وہ کافر ہے **ملت** اسلام سے خارج ہے۔

(تحکیم القوانین للشیخ ابن ابراھیم: ٦)

③ غیر اللہ کی شریعت و قانون پر فیصلہ کرنے والا اللہ کی شریعت کے زیادہ حق دار ہونے کا انکار تو نہیں کرتا مگر یہ عقیدہ رکھتا ہے کہ غیر کا قانون زیادہ مناسب و متوازن ہے رسول صلی اللہ علیہ وسلم

کی شریعت سے تو ایسا شخص بھی بلا شک و شبہ کافر ہے۔

④ غیر اللہ کے قانون کو رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے **قانون** سے بہتر تو نہیں سمجھتا مگر اس کے برابر سمجھتا ہے تو یہ **صورت** بھی پہلی والی دونوں صورتوں کی طرح ہے کہ ایسا شخص کافر ہے **ملت** اسلام سے خارج ہے۔

⑤ جو شخص اللہ و رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم کے مخالف حکم کو بھی جائز سمجھتا ہو ایسا شخص بھی پہلے والے کی طرح کافر ہے۔

⑥ غیر شرعی عدالتیں شریعت کے مخالف اور اس کے احکام کے معارض سب سے بڑی **صورت** یہی ہے شرعی فیصلوں کو ختم کر دینے میں مدد و تعاون کرنے والی بلکہ شریعت کو جڑ سے اکھیڑنے والی **صورت** ہے۔ شرعی عدالتوں کے خاتمے کا سبب ہے اس کی **جزئیات** و اقسام اس کی بنیادیں و مراکز و مصادر اور سہارے ہیں جس طرح شرعی فیصلوں کے مراجع اور بنیادیں **کتاب** و سنت ہیں ان عدالتوں کے مراجع و مصادر مختلف و بے شمار آئین **و قوانین** ہیں جیسا کہ فرانسیسی قانون امریکی قانون برطانوی قانون۔ اسی طرح ان عدالتوں کے ماخذ بھی بعض بدعی مسالک ہیں جو خود کو شریعت کی طرف منسوب کرتے ہیں اب یہ عدالتیں اسلامی ممالک میں قائم ہیں ان کے دروازے ہر **وقت** کھلے ہیں **لوگ** جوق در جوق ان کی طرف آ رہے ہیں اور جج **کتاب** و سنت کے خلاف غیر اسلامی **قوانین** کے مطابق **فیصلے** کر رہے ہیں انہی **قوانین** کو **لازم** پکڑا ہے اسی کے معترف ہیں اسی کو ضروری قرار دے رکھا ہے اس سے بڑھ کر کفر کیا ہو سکتا ہے **محمد** صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کے اقرار کو ختم کرنے والی اس سے بڑھ کر اور کیا **بات** ہو سکتی ہے۔ ہماری ان باتوں کی تائید میں بہت سے **تفصیلی** دلائل ہیں یہ موقع ان کے ذکر کا نہیں ہے **عقل** مند ذہین اور صاحبان **بصیرت** مسلمان کس طرح برداشت کر رہے ہیں کہ ان پر انہی جیسے انسانوں کے بنائے ہوئے **قوانین** لاگو کیے جائیں انہی جیسے انسانوں کے افکار ان پر **لازم** قرار دیئے

